
اشاعت کا ۴۵ واں سال




سرینگر
روزنامہ
آفاق
Daily Afaaq Srinagar
بانی: مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری

Visit us
at: www.dailyafaaq.com



8 ٹرمپ نے ایران میں رجیم چینج کا پاگل پن ترک نہ کیا تو تیسری عالمی جنگ ہوگی

7 ہندوستان بمقابلہ انگلینڈ سیمی فائنل : سنیل گواسکر نے بڑے معرکے کی پیش گوئی کر دی

afaaqkashmir.yahoo.com dailyafaaq
Ph:- 0194-2452028, 2475279 Fax:- 0194-2475279

RNI NO: 43732/85 Wednesday 04 March 2026
ESTABLISHED IN 1985
04 مارچ 2026ء بمطابق 14 رمضان المبارک 1447ھ بدھوار، جلد نمبر 47، شمارنمبر 55 صفحات 8، قیمت 3 روپے




# لیفٹیننٹ گورنر نے اعلیٰ سطحی اجلاسوں میں سکیورٹی منظرنامے کا جائزہ لیا

## افسران کو سخت چوکس رہنے اور امن وامان کو یقینی بنانے کیلئے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت

## ”امن کی حفاظت اور معاشرے کی ترقی کو جاری رکھنا ایک مشترکہ ذمہ داری ہے“ منوج سنہا



سری نگر/۳مارچ (ایجنسیز) جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سری نگر میں منعقدہ دو اعلیٰ سطحی سیکورٹی اجلاسوں میں کشمیر وادی میں امن وامان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے سیکورٹی حکام کو عوامی امن وسکون کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے عام شہریوں اور کمیونٹی رہنماؤں سے اپیل کی کہ وہ ہم آہنگی کو برقرار رکھیں۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے لوک بھون، سری نگر میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی، جس میں ایران کے کے سپریم لیڈر اور سربراہ مملکت آیت اللہ علی خامنہ ای کی ہلاکت کے بعد جموں و کشمیر میں موجودہ سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں، ایل جی کے دفتر نے ایک پوسٹ میں کہا کہ اس اہم اجلاس میں فوج کی شمال کمان کے (بقیہ ۶ پر)

### ہندوستان کے لیے مواقع کے دروازے کھل گئے ہیں، معیار کو اپنا عظیم منتر بنائیں: مودی

### ”نئی ٹیکنالوجی اپنانی ہوگی، تحقیق پر کنجوسی کرنے کے بجائے سرمایہ کاری بڑھانی ہوگی“



نئی دہلی/۳مارچ (یواین آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے ہندوستانی صنعت کاروں کو "معیار" کو اپنا عظیم منتر بنانے کی اپیل کرتے ہوئے منگل کو کہا کہ دنیا آج کے دور میں پیداوار کے کاموں کے لیے مضبوط شراکت داروں کی تلاش میں ہے اور یہ ہندوستان کے لیے ایک بڑا موقع ہے۔ مسٹر مودی نے کہا کہ مختلف ممالک کے ساتھ حال ہی میں کیے گئے آزاد تجارتی معاہدوں (ایف ٹی اے) سے بھی ہندوستان کے صنعت کاروں اور برآمد کنندگان کے لیے مواقع کے بڑے (بقیہ ۶ پر)

### لفٹیننٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ نے ہولی کے مقدس موقع پر عوام کو مبارکباد دی

سرینگر/۳مارچ/ (ڈی آئی پی آر) لفٹیننٹ گورنر مسٹر منوج سنہا نے کل یعنی 4 مارچ کو منائے جانے والے ہولی کے موقع پر عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں لفٹیننٹ گورنر نے کہا ”ہولی کے تہوار کے پرمسرت موقع پر میں عوام کو اپنی گرمجوشی سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ امید ہے کہ رنگوں کا یہ تہوار، جو روائتی جوش وخروش کے ساتھ منایا جاتا ہے، سب کیلئے خوشی اور کامیابی کی نوید (بقیہ ۶ پر)

### پاکستان دشمنانہ کارروائیاں بند نہیں کرتا ہے تو ایسا جواب دیں گے کہ دنیا دنگ رہ جائیگا، راجناتھ سنگھ

### ”پہلگام حملہ سے ملک کے ہر شہری کو دکھ ہوا تو جوابی کارروائی لازمی تھی“

### ہماری مسلح افواج نے سرحد پار جاکر دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو تباہ کر دیا“



سرینگر /۳مارچ / ایس این این / پاکستان دشمنی کی کارروائیاں بند نہیں کرتا ہے تو ہندوستان ایسے اقدام سے جواب دے گا جس سے دنیا دنگ رہ جائیگا کا اعلان کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ آپریشن سندور بدستور جاری ہے۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ ہندوستان نے ایک دہشت گردانہ حملے کے بعد پاکستان کے خلاف سخت جوابی کارروائی کی جس میں عام شہری مارے گئے اور یہ کہ آپریشن سندھ بدستور جاری ہے۔ مغربی بنگال کے ہاوڑہ میں پریورتن یاترا سے خطاب کرتے ہوئے راجناتھ سنگھ نے کہا کہ اگر پاکستان دشمنی کی کارروائیاں بند نہیں کرتا ہے تو ہندوستان ایسے اقدام سے جواب دے گا جس سے دنیا دنگ رہ جائے گی۔ سنگھ نے کہا کہ (بقیہ ۶ پر)

### رمضان کے دوران مغربی ایشیا میں تنازعہ بڑھنے پر ہندوستان کی ’شدید تشویش‘

### مذاکرات کے ذریعے فوری حل پر زور

نئی دہلی/۳مارچ (یواین آئی) ہندوستان نے منگل کو مغربی ایشیا میں بڑھتے ہوئے تنازعے پر گہری تشویش ظاہر کرتے ہوئے خبردار کیا کہ مقدس ماہِ رمضان کے دوران بگڑتی ہوئی سلامتی کی صورتحال شہریوں، علاقائی استحکام اور خلیج میں مقیم تقریباً ایک کروڑ ہندوستانی شہریوں کے لیے سنگین خطرات پیدا کر رہی ہے۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان نے ایک بیان میں کہا کہ نئی دہلی نے ابتدائی طور پر 28 فروری 2026 کو ایران اور خلیج خطے میں دشمنی شروع ہونے پر اپنی "گہری تشویش" ظاہر کی تھی اور تمام فریقوں سے تحمل اور کشیدگی سے بچنے کی اپیل کی تھی۔ ترجمان نے کہا کہ "بدقسمتی سے رمضان کے مقدس مہینے میں خطے کی صورتحال مسلسل بگڑ گئی ہے۔ "حکومت نے نوٹ کیا کہ تنازعہ نہ صرف حالیہ دنوں میں شدت اختیار کر گیا ہے بلکہ خطے کے دیگر ممالک تک بھی پھیل گیا ہے، جس سے وسیع تر عدم استحکام کا خدشہ بڑھ گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ "تباہی اور اموات میں اضافہ ہوا ہے، جبکہ معمول کی زندگی اور اقتصادی سرگرمیاں ٹھپ ہو گئی ہیں۔ بطور قریبی پڑوسی، جس کے علاقائی سلامتی اور استحکام میں اہم مفادات ہیں، یہ پیش رفت شدید تشویش پیدا کرتی ہے۔ "ہندوستان کی تشویش اس کے شہریوں کی بڑی تعداد سے جڑی ہے جو خلیج میں رہتے ہیں۔ (بقیہ ۶ پر)

### وِکسِت بھارت کا خواب تب ہی پورا ہوگا جب ہر خطہ ترقی کرے: عمر عبداللہ

### جموں میں نیشنل گورننس کانفرنس سے خطاب

### نچلی سطح سے حکمرانی اور ٹیکنالوجی پر مبنی اصلاحات کی وکالت کی



جموں/۳مارچ / (ڈی آئی پی آر) وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج کہا کہ ’وکست بھارت‘ کے ویژن کو صرف ملک کے ہر صوبے اور علاقے میں جامع اور مساوی ترقی کے ذریعے ہی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اُنہوں نے واضح کیا کہ اگر ترقی چند مخصوص علاقوں تک محدود رہی تو قومی خواب ادھورا رہ جائے گا۔ وزیر اعلیٰ ’اضلاع کی مجموعی ترقی: وِکست بھارت کے لئے تبدیلی گورننس‘ کے موضوع پر منعقدہ روزہ قومی گورننس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے جس کا اہتمام مرکزی (بقیہ ۶ پر)

### جموں وکشمیر میں 17 لاکھ کنال سرکاری اراضی پر قبضہ

### 2019 کے بعد 75 ہزار کنال مختلف محکموں کو منتقل

سرینگر/۳مارچ (یو پی آئی) جموں وکشمیر میں سرکاری اراضی پر بڑے پیمانے پر قبضے کی تفصیلات سامنے آئی ہیں جن کے مطابق یونین ٹریٹری میں مجموعی طور پر 17 لاکھ 27 ہزار کنال سے زائد زمین پر ناجائز تجاوزات ریکارڈ کی گئی ہیں، جبکہ 2019 کے بعد سے مختلف محکموں اور سرکاری ایجنسیوں کو 75 ہزار کنال سے زیادہ اراضی منتقل کی گئی ہے۔ یہ تمام تفصیلات سرکاری اعداد وشمار پر مشتمل ایک تازہ رپورٹ میں سامنے آئی ہیں۔ سرکاری ڈیٹا کے مطابق جموں وکشمیر میں سرکاری اراضی کی مجموعی مقدار 1,00,06,163.9 کنال ہے، جن میں سے 17,27,246.5 کنال تجاوزات کی زد میں پائی گئی ہے۔ حکام کے مطابق اس پورے رقبے سے متعلق ریونیو ریکارڈ میں موجود اندراجات کو منسوخ کر دیا گیا ہے۔ کشمیر ڈویژن میں مجموعی طور پر 16,54,709.9 کنال سرکاری اراضی درج ہے، جن میں سے 3,27,198.5 کنال پر ناجائز قبضہ ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق اسی مقدار کی اراضی سے متعلق ریونیو اندراجات بھی حذف کر دی گئی ہیں۔ کشمیر کے اضلاع میں بارہمولہ تجاوزات کے حوالے سے سرفہرست ہے جہاں 81,327.65 کنال پر غیر قانونی قبضہ ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے بعد کپوارہ (52,698.1 کنال)، (بقیہ ۶ پر)

### ایران پر حملہ غیر قانونی اور قابلِ مذمت، عوام سے امن برقرار رکھنے کی اپیل: عمر عبداللہ

### ایران میں زیادہ تر طلبہ اور دیگر افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جاچکا ہے

جموں/۳مارچ (ایجنسیز) جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای اور ان کے اہلِ خانہ کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کے بے رحمانہ اور غیر قانونی حملے عالمی قوانین کی صریح خلاف ورزی ہیں۔ جموں میں نامہ نگاروں سے بات چیت کے دوران وزیر اعلیٰ نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر امریکہ اور اسرائیل کے اس طرزِ عمل کو دنیا نے قبول کر لیا تو پھر روس کا یوکرین میں اقدام، یا کسی بھی ملک کا اپنے پڑوسی ملک کی حدود میں گھس کر کارروائی کرنا بھی درست ٹھہر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی مثالیں عالمی امن کے لیے خطرناک ثابت ہوں گی۔ عمر عبداللہ نے سب سے پہلے ایران کے عوام کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس حملے کی واضح الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، تاہم ساتھ ہی جموں وکشمیر کے عوام سے امن برقرار رکھنے کی اپیل بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ کچھ عناصر حالات کا فائدہ اٹھا کر ماحول بگاڑنے کی کوشش کر رہے ہیں، جو انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے لوگوں سے صبر وتحمل کی اپیل کرتے ہوئے کہا: میں نہیں چاہتا کہ پولیس یا سی آر پی ایف کو طاقت استعمال کرنی پڑے، جس سے لوگ زخمی ہوں یا خدانخواستہ کوئی جان سے جائے۔ میں عوام کے جذبات سمجھتا ہوں، (بقیہ ۶ پر)

### کشمیر میں تمام تعلیمی ادارے 7 مارچ تک بند رکھنے کا اعلان

### حساس علاقوں میں کل بھی امتناعی احکامات برقرار رہیں گے

### پری پیڈ موبائل انٹرنیٹ خدمات ٹوجی تک محدود

سری نگر/۳مارچ (ایجنسیز) محکمہ تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے منگل کو اعلان کیا ہے کہ کشمیر صوبے کے تمام اسکول اور کالج 7 مارچ 2026 تک بند رہیں گے۔ یہ اعلان اُن کے سرکاری ایکس اکاؤنٹ کے ذریعے کیا گیا، جہاں انہوں نے لکھا، 'کشمیر ڈویژن کے تمام اسکول اور کالج 7 مارچ 2026 تک بند رہیں گے۔' حکام کے مطابق یہ فیصلہ وادی میں موجودہ صورتحال کے تناظر میں احتیاطی اقدام کے طور پر لیا گیا ہے تاکہ طلبہ، اساتذہ اور عملے کی مکمل حفاظت یقینی بنائی جا سکے۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ صورتحال کا مسلسل جائزہ لیا جا رہا ہے اور تعلیمی اداروں کو دوبارہ کھولنے سے متعلق مزید اطلاعات مناسب وقت پر جاری کی جائیں گی۔ طلبہ، والدین اور تعلیمی اداروں سے کہا گیا ہے کہ وہ تازہ ترین معلومات کے لیے صرف سرکاری ذرائع سے رابطہ میں رہیں۔ ادھر وادی کشمیر کے حساس، بالخصوص شیعہ آبادی والے علاقوں میں کل بھی امتناعی احکامات نافذ رہیں گے تاکہ امن وقانون کی صورتحال کو برقرار رکھا جاسکے۔ ذرائع کے مطابق انتظامیہ نے زمینی صورتحال، (بقیہ ۶ پر)

### جعلی خبریں، اشتعال انگیز مواد یا غیر مصدقہ معلومات پھیلانے والوں

### کو سخت قانونی نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا: سری نگر پولیس

### کئی میڈیا اداروں اور سوشل میڈیا پوٹلز کے خلاف پولیس کارروائی شروع

سری نگر/۳ مارچ ((ایجنسیز) ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی ہلاکت کے خلاف مظاہروں کے سلسلے میں بدامنی کو ہوا دینے اور امن وامان کو بگاڑنے کے ارادے سے من گھڑت اور گمراہ کن معلومات پھیلانے کے الزام میں منگل کو کچھ میڈیا اداروں اور افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔ پولیس نے بتایا کہاس قسم کے جرم ملوث افراد کے خلاف اداروں اور افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا سامنا ہے۔ سری نگر پولیس نے الیکٹرانک اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر بعض نیوز چینلز، میڈیا آوٹ لیٹس اور افراد کی طرف سے جان بوجھ کر جھوٹی، من گھڑت اور گمراہ کن معلومات کی گردش کا سنجیدگی سے نوٹس لیا ہے۔ تاہم فوری طور پر میڈیا اداروں اور افراد کی تفصیلات معلوم نہیں ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ عناصر بدامنی کو بھڑکانے، امن عامہ کو بگاڑنے اور معاشرے میں انتشار پیدا کرنے کے واضح ارادے سے مسخ شدہ بیانیہ اور غیر تصدیق شدہ مواد پھیلانے کی "منظّم طریقے سے کوشش" کررہے ہیں۔ ترجمان نے (بقیہ ۶ پر)

### اگلے چار دنوں کے دوران دن کے درجہ حرارت میں مزید اضافہ متوقع

### سری نگر میں کم سے کم درجہ حرارت 2.1 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ


سری نگر/۳مارچ (ایجنسیز) محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق وادی کشمیر میں اگلے چار دنوں کے دوران دن کے درجہ حرارت میں مزید اضافہ ریکارڈ ہونے کا امکان ہے تاہم اس کے بعد درجہ حرارت میں کمی درج ہونے کی توقع ہے۔ متعلقہ محکمے کے ایک ترجمان نے بتایا کہ وادی میں 3 سے 6 مارچ تک موسم جزوی طور پر ابر آلود رہنے کے ساتھ 4 مارچ کو پہاڑی علاقوں میں کہیں کہیں ہلکی برف باری ہوسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 7 سے 9 مارچ تک موسم مجموعی طور پر ابر آلودہ رہ سکتا ہے اور اس دوران پہاڑی علاقوں میں کچھ مقامات پر ہلکی برف باری یا بارشوں کا امکان ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ 10 اور 11 (بقیہ ۶ پر)

### راجوری میں سی آر پی ایف اہلکار کو گولی لگنے کا واقعہ، اسپتال منتقل

سرینگر/۳مارچ (یو پی آئی) جموں وکشمیر کے ضلع راجوری میں منگل کے روز سی آر پی ایف کے ایک اہلکار کو مبینہ طور پر گولی لگنے کا واقعہ پیش آیا، جس کے بعد اسے فوری طور پر اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ واقعہ تانڈوال علاقے میں قائم سی آر پی ایف کیمپ کے اندر پیش آیا، جہاں اہلکار کو مشتبہ حالات میں گولی لگی۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ ۶ پر)

### لال چوک میں دوسرے روز بھی ہائی الرٹ

### شیعہ آبادی والے علاقوں میں غیر معمولی سیکورٹی انتظامات



سری نگر/۳مارچ (یو این آئی) ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی ہلاکت کے خلاف وادی کشمیر میں احتجاجی سلسلے کے پیش نظر منگل کو بھی لال چوک سمیت سرینگر کے حساس ترین علاقوں میں سخت ترین سیکورٹی انتظامات نافذ رہے۔ انتظامیہ نے پیر کے روز شیعہ برادری کے احتجاج کے بعد وادی بھر میں دوسرے دن بھی ہائی الرٹ برقرار رکھا، جب کہ متعدد اہم مقامات پر اضافی فورسز تعینات کر کے نقل وحرکت کو محدود کیا گیا۔ شہر (بقیہ ۶ پر)

# مختلف اضلاع کی خبریں

## وزیراعلیٰ نے رابطہ جموں میں وفود اور افراد سے ملاقاتیں کیں

### ترقیاتی اور دیگر مسائل اٹھائے



جموں/۳مارچ/ (ڈی آئی پی آر) آج کئی وفود اور افراد نے جموں میں پبلک آؤٹ ریچ آفس رابطہ میں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی اور انہیں عوامی، ترقیاتی اور شعبہ جاتی مسائل سے آگاہ کیا۔ سابق وزیر مسٹر رمن بھلہ نے سول سوسائٹی کے ایک وفد کے ہمراہ وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی اور فلاح و بہبود سے متعلق مختلف خدشات اجاگر کئے ۔ وفد نے زیر التوا مسائل کے حل اور منصفانہ ترقی کو یقینی بنانے کیلئے مسلسل پالیسی توجہ کا مطالبہ کیا۔ سابق وزیر جگجیون لال نے بھی (بقیہ ۶ پر)

## ڈپٹی کمشنر بڈگام نے پی ایم ایم ایس وائی کے مستحقین کے انتخاب کا میٹنگ میں جائزہ لیا

### مقررہ وقت کے اندر 220 درخواستیں موصول ہوئیں

سرینگر/۳مارچ/ (آفاق نیوز ڈیسک) ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) بڈگام، اطہر عامر خان نے آج ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر میں سال 2025-26 کے لیے پردھان منتری متسیا سمپدا یوجنا (PMMSY) کے مختلف اجزاء کے تحت مستحقین کے انتخاب کا جائزہ لینے اور اسے حتمی شکل دینے کے لیے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ یہ میٹنگ اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز، بڈگام کے دفتر نے مرکزی اسپانسرڈ اسکیم کے تحت پرائیویٹ سیکٹر میں ماہی گیری سے متعلق یونٹس کے قیام کے لیے موصول ہونے والی درخواستوں پر غور کرنے کے لیے بلائی تھی۔ ماہی پروری کا محکمہ پی ایم ایم ایس وائی کے تحت کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے، مچھلی کی پیداوار کو بڑھانے، روزگار پیدا کرنے اور ضلع میں ماہی پروری کے شعبے کو مضبوط کرنے کے لیے مالی مدد فراہم کر رہا ہے۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ معروف مقامی روزناموں میں شائع ہونے والے اشتہاری نوٹسز کے ذریعے وسیع پیمانے پر تشہیر کو یقینی بنایا گیا اور اسے ضلع کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیا گیا تا کہ اہل اور دلچسپی رکھنے والے بے روزگار نوجوانوں اور اس سکیم کے تحت مراعات حاصل کرنے کے خواہشمند افراد سے درخواستیں طلب کی جا سکیں۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز بڈگام کے دفتر میں مقررہ وقت کے اندر 220 درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے 106 قابل عمل ہیں۔ اجلاس میں تمام قابل عمل 106 درخواستوں کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے مختلف اجزاء کے لیے مختص کیے گئے عارضی اہداف کا (بقیہ ۶ پر)

## جاوید رانا نے صوبہ کشمیر میں پی ایچ اِی اور آئی اینڈ ایف سی سکیموں کا جائزہ لیا

### بروقت اور شفاف عمل در آمد پر زور



جموں/۳مارچ/ (ڈی آئی پی آر) وزیر برائے جل شکتی جاوید احمد رانا نے آج صوبہ کشمیر میں جاری پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ اِی) اور اِری گیشن و فلڈ کنٹرول (آئی اینڈ ایف سی) سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ورچیول میٹنگ میں پینے کے پانی کی فراہمی اور آبپاشی کے کلیدی منصوبوں کی طبعی و مالی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جو اِس وقت زیر تکمیل ہیں۔ وزیر موصوف نے طے شدہ ٹائم لائنز پر عمل کرنے اور مکمل شفافیت اور جوابدہی کو برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ اُنہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ منصوبہ بندی سے لے کر عمل درآمد تک ہر مرحلے پر مقررہ (بقیہ ۶ پر)

## ستیش شرما نے ہولی کے موقعہ پر جموں و کشمیر کے لوگوں کو مُبارک باد دِی

### ہم آہنگی اور اِجتماعی ترقی پر زور دیا

جموں/۳مارچ/ (ڈی آئی پی آر) وزیر برائے خوراک، شہری رسدات و امورِ صارفین، ٹرانسپورٹ، آئی ٹی، اَمورِ نوجوان وکھیل کود محکمہ جات ستیش شرما نے آج ہولی کے موقعہ پر جموں و کشمیر کے لوگوں کو دلی مُبارک باد پیش کی۔ اُنہوں نے اَپنے مُبارک بادی کے پیغام میں کہا کہ ہولی رنگوں کا دلکش تہوار، سچائی کی جھوٹ پر اور بھلائی کی برائی پر فتح کی علامت ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ تہوار ملک بھر میں بڑے جوش و خروش سے منایا جاتا ہے اور کمیونٹیوں کے درمیان اتحاد، محبت، ہمدردی اور بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دیتا ہے اور معاشرے میں یکجہتی کے رِشتوں کو مضبوط بناتا ہے۔ وزیر موصوف نے اِس بات پر زور دیا کہ جموں و کشمیر ہمیشہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مشترکہ ثقافت کی ایک روشن مثال رہا ہے جہاں تمام مذاہب کے تہوار باہمی احترام اور مشترکہ خوشی کے ساتھ منائے جاتے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ ہولی ہمیں تعلقات کی تجدید، ماضی کے اِختلافات کو بھلانے اور مثبت سوچ اور تعاون کے جذبے کے ساتھ آگے بڑھنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ اُنہوں نے کہا،''ہولی کے رنگ ہماری زندگیوں کو امید، حوصلے اور نئی توانائی سے بھر دیں۔ آیئے، یہ تہوار ہمیں تقسیموں سے بالاتر ہو کر کام کرنے اور جموں و کشمیر کی اَمن، خوشحالی اور مجموعی ترقی کے لئے اِجتماعی کوشش کرنے کی ترغیب دے۔'' وزیر ستیش شرما نے شہریوں بالخصوص نوجوانوں پر بھی زور دیا کہ وہ تہوار کو ذمہ داری اور ماحول دوست انداز میں منائیں، پانی کے تحفظ کو فروغ دیں اور ایسی کسی سرگرمی سے گریز کریں جو دوسروں (بقیہ ۶ پر)

## نائب وزیر اعلیٰ کا جموں و کشمیر کے نوجوانوں کو

### مقامی، قومی اور بین الاقوامی روزگار منڈیوں کیلئے ہنر مند بنانے پر زور

جدید اور روزگار سے ہم آہنگ شعبہ جات متعارف کرنے اور پسماندہ اَفراد کو ہنر مندی کی تربیت میں شامل کرنے پر زور دیا



جموں/۳مارچ/ (ڈی آئی پی آر) نائب وزیر اعلیٰ نے آج جموں و کشمیر کے نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع بڑھانے کے لئے مقامی، قومی اور بین الاقوامی سطح پر اُبھرتے ہوئے روزگار کے مواقع کا جامع مطالعہ اور (بقیہ ۶ پر)

## موجودہ وقت صبر وتحمل، بردباری اور امن وامان کا متقاضی: تنویر صادق

### لوگ احتجاج اور اظہارِ غم وغصہ پُرامن انداز میں اپنے

### گھروں، مساجد اور امام بارگاھوں تک محدود رکھیں

سرینگر/۳مارچ (یو پی آئی) نیشنل کانفرنس کے ترجمانِ اعلیٰ تنویر صادق نے اپنے ایک بیان میں وزیر داخلہ اور لیفٹیننٹ گورنر سے اپیل کی ہے کہ سوگواران کے جذبات کا احترام کرتے ہوئے گذشتہ دو روز کے دوران گرفتار کئے گئے نوجوانوں کی رہائی عمل میں لائی جائے، یہ اقدام نہ صرف دلوں کو جوڑنے میں مددگار ثابت ہوگا بلکہ حالات کو پُرامن رکھنے میں بھی معاون ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آیت اللہ علی خامنہ ای کی شہادت ایک نہایت ہی افسوسناک اور دل دہلا دینے والا سانحہ ہے اور یہ پوری امتِ مسلمہ کے لئے ایک عظیم صدمہ اور ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔ اس نازک اور حساس موقع پر ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ اپنے قول وفعل میں صبر، تحمل اور وقار کا مظاہرہ کریں۔ غم اور رنج کا اظہار ہر شخص کا جائز اور فطری حق ہے اور لوگوں نے برملا طور پر سڑکوں پر نکل کر پوری دنیا کے سامنے بھرپور انداز میں اپنا احتجاج درج کیا لیکن کچھ عناصر حالات کا فائدہ اُٹھانے اور مسائل پیدا کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں، ایسے میں ضروری ہے کہ ہم اپنا احتجاج اور اظہارِ غم وغصہ پُرامن انداز میں اپنے گھروں، مساجد اور امام بارگاہوں تک محدود رکھیں تا کہ کسی قسم کی بدامنی یا نا (بقیہ ۶ پر)

## سی آر پی ایف کے اے ڈی جی کی لیفٹننٹ گورنر کے ساتھ ملاقات



جموں/۳مارچ/ (ڈی آئی پی آر/ ایجنسیز) ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (اے ڈِی جی) سی آر پی ایف جموں و کشمیر راجیش کمار نے آج لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا سے ملاقات کی۔ اس دوران معلوم ہوا ہے کہ جموں و کشمیر کی مجموعی اَمن وقانون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

## ڈپٹی کمشنر کولگام نے نبارڈ کے ذریعے تیار کردہ پی ایل پی دستاویز کی نقاب کشائی کی

### 2026-27 کے لیے 1800 کروڑ روپے کے کریڈٹ پوٹینشل کا ہدف

سرینگر/۳مارچ/ (آفاق نیوز ڈیسک) ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام، شہزاد عالم اے جی ایم نبارڈ اور دیگر ضلعی سطح کے افسران کے ساتھ آج مالی سال 2026-27 کے لیے NABARD کے ذریعہ تیار کردہ پوٹینشل لنکڈ کریڈٹ پلان دستاویز کی نقاب کشائی کی۔ نابارڈ نے ضلع کولگام کے لیے سال 2026-27 کے لیے 1800 کروڑ روپے کے کریڈٹ پوٹینشل کا تصور کیا ہے جسے ضلع میں کام کرنے والے بینکوں، مالیاتی اداروں اور ترقیاتی محکموں کے ذریعے حاصل کیا جائے گا۔ یہ انکشاف ڈی ڈی سی کی صدارت میں منعقدہ ضلعی سطح کی مشاورتی کمیٹی کے اجلاس کے دوران ہوا۔ میٹنگ میں جوائنٹ ڈائریکٹر پلاننگ، اے جی ایم آر بی آئی، اے جی ایم نابارڈ، لیڈ ڈسٹرکٹ منیجر (ایل ڈی ایم)، مختلف محکموں کے ضلعی افسران اور ضلع میں کام کرنے والے بینکوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران ڈپٹی کمشنر نے آئندہ مالی سال کے لیے پوٹینشل لنکڈ کریڈٹ پلان (PLP) کا باقاعدہ آغاز کیا۔ AGM NABARD، روف زرگر نے بتایا کہ PLP آئندہ سال کے لیے سالانہ ڈسٹرکٹ کریڈٹ پلان کی تیاری کی بنیاد بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ PLP کو مرکزی اور UT حکومتوں کی پالیسیوں کے مطابق تیار کیا گیا ہے اور یہ معیشت کے مختلف شعبوں میں قرض دینے کے لیے حکومت ہند کی قومی ترجیحات کی عکاسی کرتا ہے۔ تفصیلات فراہم کرتے ہوئے، AGM NABARD نے کہا کہ NABARD نے ترجیحی شعبوں کے تحت 2026-27 کے لیے ضلع کے لیے 1800.45 کروڑ کی کل کریڈٹ صلاحیت کا تخمینہ لگایا ہے۔ سیکٹر وار تخمینوں میں زراعت اور اس سے منسلک سرگرمیوں بشمول زراعت کے بنیادی ڈھانچے کے لیے 1192.13 کروڑ روپے شامل ہیں۔ MSME کے لیے 490.80 کروڑ؛ ایکسپورٹ کریڈٹ کے لیے 1.93 کروڑ روپے؛ تعلیم کے لیے 15.58 کروڑ روپے؛ رہائش کے لیے 45 (بقیہ ۶ پر)

## پہلگام دہشت گردانہ حملے میں ''گوپرو'' ہیرو 12 بلیک کیمرے اہم ثبوت

### این آئی اے نے کیمرے کا پتہ لگانے کیلئے چین سے عدالتی مدد طلب کر لی

سرینگر/۳مارچ/ ایس این این/ جنوبی کشمیر کے مشہور سیاحتی مقام پہلگام کے بائسران علاقے میں سیاحوں پر حملے کے بعد قومی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) نے حملے سے منسلک ''گوپرو'' ہیرو 12 بلیک کیمرے کا پتہ لگانے کیلئے چین سے عدالتی مدد طلب کی ہے۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق قومی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) نے نے 22 اپریل 2025 کو پہلگام دہشت گردانہ حملے سے منسلک گوپرو ہیرو 12 بلیک کیمرے کا پتہ لگانے کیلئے چین سے عدالتی مدد طلب کی ہے، جس میں 26 سیاح ہلاک ہوئے تھے۔ 22 اپریل کو پہلگام دہشت گردانہ حملہ میں حملے سے پہلے کی جاسوسی، نقل و حرکت کے نمونوں اور دہشت گردی کے ماڈیول کی آپریشنل تیاریوں کو قائم کرنے میں کیمرے کو اہم سمجھا جاتا ہے، کیونکہ یہ مہلک دہشت گردانہ حملے سے ایک سال قبل چین میں قائم اے ای گروپ انٹرنیشنل لمیٹڈ کو فراہم کیا گیا تھا۔ یہ کیمرہ 30 جنوری 2024 کو چین کے ایک صنعتی شہر ڈونگ گوان میں ایکٹیویٹ کیا گیا تھا اور یہ مختلف مادی اشیاء اور الیکٹرانک آلات میں سے ایک ہے جو دہشت گرد حملے کی سازش اور اس کو انجام دینے سے متعلق تفتیش کاروں کے ذریعے برآمد اور جانچ پڑتال کرتے ہیں جس میں ایک نیپالی شہری سمیت 26 سیاح ہلاک ہو گئے تھے۔ اس سلسلے میں قومی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) سیریل نمبر C3501325471706 والے بلیک (بقیہ ۶ پر)

## نائب وزیراعلیٰ نے ہولی کے موقعہ پر جموں وکشمیر کے لوگوں کو مبارک باد دِی

جموں/۳مارچ/ (ڈی آئی پی آر) نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے ہولی کے موقعہ پر آج جموں و کشمیر کے لوگوں کو مُبارک باد پیش کی۔ اُنہوں نے اَپنے مُبارک بادی کے پیغام میں کہا کہ ہولی کو گہری مذہبی اور ثقافتی اہمیت حاصل ہے اور لوگ مذہبی اور سماجی طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد بڑے جوش و خروش کے ساتھ مناتے ہیں۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا،''سب کو میری دلی مبارکباد۔ دعا ہے کہ یہ مبارک موقع ہماری زندگیوں کو خوشی، طاقت اور اچھی صحت کے رنگوں سے بھر دے۔'' اُنہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر ہمیشہ ہم آہنگی، باہمی احترام اور بھائی چارے کی مثال رہا ہے، جہاں لوگ ایک دوسرے کے تہواروں اور تقریبات میں دل و جان سے شرکت کرتے ہیں اور کثرت میں وحدت کے جذبے کو مضبوط بناتے ہیں۔ نائب وزیر اعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ (بقیہ ۶ پر)

## متعدد ہندوستانی طلباء بحفاظت تہران سے قم پہنچ گئے: اسٹوڈنٹ ایسوسی ایشن

سری نگر/۳ مارچ (کے این ایس) آل انڈیا میڈیکل اسٹوڈنٹس ایسوسی ایشن (اے آئی ایم ایس اے) نے منگل کو کہا کہ تہران سے نقل مکانی کرنے والے ہندوستانی طلباء خطے میں ابھرتی ہوئی سیکورٹی صورتحال کے درمیان کئے گئے احتیاطی انتظامات کے تحت بحفاظت قم پہنچ گئے ہیں۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق اپنے ایک بیان میں کہا کہ طلباء کی نقل وحرکت بھارت کے سفارت خانے، تہران کے ساتھ مل کر ان کی حفاظت اور بہبود کو یقینی بنانے کے لیے کی گئی۔ ہندوستانی طلباء جنہیں تہران سے منتقل کیا گیا تھا، احتیاطی انتظامات کے تحت بحفاظت قم پہنچ گئے ہیں۔ یہ تحریک تہران میں ہندوستان (بقیہ ۶ پر)

## ترال میں غیر قانونی کان کنی میں ملوث 6 گاڑیاں ضبط: پولیس

سری نگر/۳مارچ (آفاق نیوز) جموں وکشمیر پولیس نے غیر قانونی کان کنی کے خلاف اپنی مہم کو مزید تیز کرتے ہوئے جنوبی کشمیر کے ترال علاقے میں غیر قانونی کھدائی میں ملوث 6 گاڑیاں ضبط کر لی ہیں۔ ایک پولیس ترجمان نے بتایا کہ پولیس اسٹیشن ترال کی ایک ٹیم نے نوڈل ترال علاقے میں غیر قانونی کھدائی میں ملوث تین ٹپر اور تین ٹریکٹر ضبط کر لئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں پولیس اسٹیشن ترال میں متعلقہ قانونی دفعات کے تحت ایف آئی آر نمبر 19/2026 اور 20/2026 درج کر کے مزید تحقیقات شروع کی گئیں۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ غیر قانونی کان کنی کے (بقیہ ۶ پر)

## راجوری میں مشتبہ 'پی آئی اے 'غبارہ برآمد،

### پولیس نے تحقیقات شروع کر دی

جموں/۳مارچ (یو این آئی) جموں و کشمیر کے ضلع راجوری کے ٹریاٹھ علاقے میں ایک مشتبہ غبارہ ملنے کے بعد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اسے اپنی تحویل میں لے لیا ہے۔ غبارہ ایک ہوائی جہاز جیسی ساخت رکھتا تھا اور اس پر پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کا نام درج تھا، جس کے باعث مقامی آبادی میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ ذرائع کے مطابق یہ غبارہ مقامی لوگوں کی نظر میں آنے کے بعد فوراً ٹریاٹھ پولیس پوسٹ کو اطلاع دی گئی۔ اطلاع نہایت حساس نوعیت کی ہونے کے پیشِ نظر پولیس ٹیم تیزی سے موقع پر پہنچی اور غبارے کو ضبط کر کے مزید جانچ کے لیے متعلقہ محکمے کے حوالے کر دیا۔ ابتدائی معائنے کے دوران اس میں کسی بھی قسم کے الیکٹرانک، دھماکہ خیز یا نگرانی سے متعلق آلات کی موجودگی کی تردید کی گئی ہے، تاہم پولیس نے کہا ہے کہ معاملے کی ہر زاویے سے جانچ جاری ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ اس طرح کے اشیاء ماضی میں بھی مختلف سرحدی علاقوں میں پائی گئی ہیں، جن میں سے بعض کو موسمی ہوا کے بہاؤ یا تفریحی سرگرمیوں کا نتیجہ قرار دیا گیا تھا، تاہم موجودہ حالات میں کسی بھی غیر معمولی چیز کے حوالے سے پوری احتیاط برتی جا رہی ہے۔ پولیس نے مزید بتایا کہ غبارے کی اصل سمت، اسے چھوڑنے کا وقت اور ممکنہ مقاصد کا (بقیہ ۶ پر)

## بڑی تعداد میں سیاحت صحت افزاء مقام پر موجود

### انتظامیہ اور لوگوں کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کی سراہنا

سرینگر/۳مارچ/اے پی آئی/ملکی غیر ملکی سیاحوں نے وادی کشمیر میں خود کو محفوظ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایران، امریکہ، اسرائیل؛ جنگ اور وادی کشمیر میں بندشوں کے باوجود انہیں ہر طرح کی سہولیت دستیاب ہیں اور وہ جس صحت افزاء مقام پر جانا چاہتے ہیں انہیں وہاں تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ انتظامیہ اور لوگوں کی جانب سے انہیں بھرپور تعاون فراہم کیا جا رہا ہے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق ایران پر امریکہ، اسرائیل کی جانب سے حملے کے بعد وادی کے طول ارض میں ایران کے سپریم لیڈر کے جاں بحق ہونے کے بعد شدید غم وغصے کی لہر دوڑ گئی وادی میں بالعموم تاہم شیعہ آبادی والے علاقوں میں بالخصوص مرد زن بوڑھے اور بچے گھروں سے باہر آئیں اور مذہبی رہنماء کی بے دردی کے ساتھ جان بحق ہونے کے خلاف اپنی شدید غم وغصے کا اظہار بھی کیا۔ امن امان کو برقرار رکھنے لوگوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے شرپسند عناصر کی کاروائیوں کو روکنے کے خاطر انتظامیہ نے بندشیں عائد کی اور لوگوں کی نقل حرکت کسی حد تک محدود بھی کر دی۔ تاہم اس دوران ملکی غیر ملکی سیاحوں کا وارد کشمیر ہونے کا سلسلہ جاری رہا۔ بڑی تعداد میں ملکی غیر ملکی سیاح وارد کشمیر ہوئیں۔ سیاحوں نے کہا کہ وہ وادی کشمیر میں پوری طرح سے محفوظ ہے انہیں کسی بھی طرح کے خطرے کا سامنا نہیں ہیں۔ ایران پر امریکہ، اسرائیل کی جانب سے کئے گئے حملے کے (بقیہ ۶ پر)

## نوکری فراہم کرنے کی آڑ میں 7 لاکھ کی رقم ہڑپ کر لی گئی

### پولیس نے عدالت میں چارج شیٹ داخل کیا

سرینگر/۳مارچ/اے پی آئی/ اونتی پورہ پولیس نے 7 لاکھ روپے ہڑپ کر کے سرکاری نوکری فراہم کرنے والے گروہ کے خلاف چارج شیٹ عدالت میں پیش کیا۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق اونتی پورہ پولیس کو ایک تحریری شکایت ملی کہ شوکت احمد ولد غلام محمد ساکنہ پنزی گام اور اعجاز احمد ولد علی محمد ساکنہ ترال پائین نامی دو افراد نے ترال کے ایک شہری سے 7 لاکھ روپے حاصل کئے اور اُس یقین دلایا کہ اُسے سرکاری نوکری فراہم کی جائے گی۔ وقت گزرنے کے بعد جب سرکاری نوکری نہیں ملی تو مذکورہ افراد سے شکایت کنندہ نے رقومات واپس کرنے کا مطالبہ کیا تاہم رقومات حاصل کرنے والوں نے آج کل کر کے ترکانے کی بھرپور کوشش کی۔ پولیس نے اس سلسلے میں ٹیم تشکیل دی جس نے معاملے کی تحقیقات شروع کر دی اور تحقیقات کے دوران پولیس پارٹی کو اس بات کے ثبوت ملے کہ مذکورہ دو افراد نے 7 لاکھ روپے ہڑپ کر لئے ہیں۔ پولیس نے تحقیقات مکمل کرنے کے بعد عدالت میں چارج شیٹ پیش کیا۔ اونتی پورہ پولیس نے اس بات کی تصدیق کی کہ سرکاری نوکری فراہم کرنے کی آڑ میں 7 لاکھ روپے ہڑپ کرنے والے دو افراد کے خلاف تحقیقات مکمل ہونے کے بعد عدالت میں چارج شیٹ پیش کیا گیا

## مشرق وسط میں کشیدگی کے باعث 10 ویں اور 12 ویں

### جماعت کے امتحانات ملتوی / سی بی ایس ای

سرینگر/۳مارچ/ ایس این این/ ایران اور اسرائیل کے مابین تنازعہ کے درمیان مشرق وسطی کے خطے میں موجودہ صورتحال کے چلتے سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن (سی بی ایس ای) نے 5 مارچ کو لئے جانے والے 10 ویں اور 12 ویں کے بورڈ کے امتحانات ملتوی کر دیے۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن (سی بی ایس ای) نے مشرق وسطی کے علاقوں میں 10 ویں اور 12 ویں جماعت کے امتحانات ملتوی کر دیے۔ سی بی ایس ای کے امتحانی کنٹرولر سنیم بھردواج نے کہا ''مشرق وسطی کے کچھ حصوں بحرین، ایران، کویت، عمان، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کی موجودہ صورتحال کی وجہ سے بورڈ نے 5 مارچ کو ہونے والے 10 ویں، 12 ویں جماعت کے امتحانات ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا ہے''۔ انہوں نے کہا کہ نئی تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا اور مزید امتحانات کے لیے 5 مارچ کو صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا۔ اتوار کو بورڈ نے خطے میں 2 مارچ کو ہونے والے امتحان کو ملتوی کر دیا تھا۔ یہ اس وقت سامنے آیا ہے جب ایرانی سپریم لیڈر خامنہ ای ہفتے کے روز اسرائیل اور امریکہ کی جانب سے ایران پر کیے گئے ایک بڑے حملے میں مارے گئے تھے۔ اتوار کو ان کی موت کی تصدیق کی۔

## رمضان المبارک کے دوران وادی میں کھجور کی تجارت 100 کروڑ روپے تک پہنچنے کے امکانات

### ایک ہزار 500 ٹن تربوز استعمال، مالیت تقریباً 9 کروڑ روپے

سرینگر/۳مارچ/اے پی آئی/متبرک، مقدس ایام میں کھجور اور تربوز کی خریداری عروج پر ہے ، 9 کروڑ روپے تربوزے کی کھپت متوقع ہے جبکہ کھجور کی تجارت 100 کروڑ روپے تک پہنچنے کے امکانات ہیں۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق ماہ مقدس رمضان کے دوران تربوز کی مانگ میں غیر معمولی اضافہ دیکھا جا رہا ہے اور اندازہ ہے کہ اس سیزن میں کشمیر میں تقریباً ایک ہزار 500 ٹن تربوز استعمال ہوگا جس کی مالیت قریب 9 کروڑ روپے بنتی ہے۔ بشیر احمد بشیر صدر نیو کشمیر فروٹ ایسوسی ایشن نے بتایا کہ رمضان کے آغاز کے ساتھ ہی تربوز کی مانگ میں تیزی آئی کیونکہ لوگ افطار کے وقت اس ٹھنڈک اور پانی کی کمی کو پورا کرنے والے تربوزے سے اپنا روزہ کھولتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رمضان کے آغاز سے اب تک 100 ٹرک تربوز وادی میں فروخت ہو چکے ہیں صرف گذشتہ 11 دنوں میں ایک ہزار ٹن سے زیادہ تربوز استعمال کیا گیا ہے۔ کشمیر آنے والا زیادہ تر تربوز مہاراشٹر اور گجرات جیسی ریاستوں سے منگوایا جا رہا ہے کیونکہ موسمی حالات کے باعث مقامی پیداوار ابھی شروع نہیں ہوئی ہے۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ مسلسل سپلائی کی وجہ سے تھوک منڈیوں میں قیمتیں مستحکم ہیں، تاہم ٹرانسپورٹ اخراجات اور شاہراہوں کی صورتحال کے مطابق نرخوں میں اتار چڑھاؤ ممکن ہے۔ تربوز کے ساتھ ساتھ وادی میں کھجور کی تجارت بھی عروج پر ہے، جو روزہ افطار کرنے کے لیے ایک لازمی جزو سمجھی جاتی ہے۔ بشیر احمد بشیر نے کہا کہ رمضان کے دوران کشمیر میں تقریباً 100 کروڑ (بقیہ ۶ پر)

## پلوامہ پولیس کی لوگوں کو امن عامہ برقرار

### رکھنے میں پولیس کے ساتھ تعاون کرنے کی اپیل

سری نگر/۳مارچ (یو این آئی) موجودہ حالات کے پیش نظر پلوامہ پولیس نے لوگوں کو پرسکون رہنے، ضبط و تحمل کا مظاہرہ کرنے اور امن عامہ برقرار رکھنے میں پولیس کے ساتھ تعاون کرنے کی اپیل کی ہے۔ پولیس نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ کسی بھی ایسی سرگرمی میں حصہ لینے یا اس کی حوصلہ افزائی کرنے سے گریز کریں جو قانون ونظم میں خلل ڈالنے یا ضلع کے کسی بھی حصے میں کشیدگی پیدا کرنے کا باعث بن سکتی ہو۔ انہوں نے کہا کہ عوامی سکون میں خلل ڈالنے، سرکاری یا نجی املاک کو نقصان پہنچانے یا بدامنی پھیلانے کی کسی بھی کوشش کے خلاف متعلقہ قوانین کے تحت سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ پولیس نے لوگوں سے یہ بھی اپیل کی ہے کہ وہ سوشل میڈیا کے استعمال میں انتہائی احتیاط اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور غیر مصدقہ، حساس یا اشتعال انگیز مواد کی اشاعت ترسیل یا تشہیر قانونی نتائج کا سبب بن سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پلوامہ پولیس لوگوں کے جان و مال کے تحفظ کے اپنے عزم پر قائم ہے۔

## سکینہ ایتو نے ہولی کی مبارکباد دی

سرینگر/۳ مارچ/صحت وطبی تعلیم، سماجی بہبود اور تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج رنگوں کے تہوار ہولی کے پرمسرت موقع پر جموں و کشمیر کے عوام کو گرمجوشی سے مبارکباد پیش کی۔ اپنی مبارکباد میں وزیر نے کہا کہ ہولی اتحاد، ہم آہنگی اور نیکی کی فتح کی علامت ہے، جو لوگوں کو باہمی احترام، ہمدردی اور اکٹھے ہونے کے جذبے کے ساتھ تہوار منانے کی ترغیب دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ'' یہ ثقافتی تہوار ہمارے سماجی تانے بانے کو مضبوط بناتے ہیں اور برادریوں کے درمیان شمولیت اور بھائی چارے کو فروغ دیتے ہیں۔'' وزیر نے دعا کی کہ رنگوں کا یہ تہوار ہر گھر میں خوشی، خوشحالی اور نئی مثبت توانائی لائے، زندگیوں کو امید اور مثبتیت کے رنگوں سے بھر دے اور پورے خطے میں اتحاد کے رشتوں کو مضبوط کرے۔ انہوں نے جموں و کشمیر کے پورے علاقے کیلئے امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے بھی دعا کی۔

## ترال کے کئی جنگلات میں آگ جاری

### مسلسل خشک سالی کا شاخسانہ

سری نگر/۳ مارچ (کے این ایس) مسلسل خشک سالی کے بیچ جنوبی کشمیر کے سب ضلع ترال کے کئی علاقوں کے جنگلات میں گزشتہ دو روز سے اچانک آگ نمودار ہوئی جس نے وسیع جنگلاتی علاقے کو اپنی لپیٹ میں لیا ہے۔ آگ نمودار ہونے کے ساتھ ہی مقامی لوگ، محکمہ جنگلات آگ بجھانے کے کام میں جُٹ گئے۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق جنوبی کشمیر کے سب ضلع ترال کے شکارگاہ علاقے میں گزشتہ روز آگ اچانک نمودار ہوئی ہے جس نے وسیع علاقے کو اپنی لپیٹ میں کیا ہے تاہم آگ نمودار ہونے کے ساتھ ہی متعلقہ محکمے کے اہلکار، عام لوگ آگ بجھانے کے کام میں جٹ گئے اور (بقیہ ۶ پر)

## ہولی کی تقریبات سے قبل ٹریفک

### پولیس جموں کی جامع ایڈوائزری جاری


جموں/۳مارچ (یو این آئی) ہولی تہوار کے پیش نظر، ٹریفک پولیس سٹی جموں نے ٹریفک کی ہموار آمدورفت کو یقینی بنانے کے لیے شہر میں ایک جامع ٹریفک ایڈوائزری جاری کی ہے۔ اس بات کو اجاگر کرتے ہوئے کہ ہولی بھائی چارے، ہم آہنگی اور برائی پر اچھائی کی فتح کی علامت ہے، ٹریفک پولیس نے شہریوں سے تہوار ذمہ داری کے ساتھ منانے کی تاکید کی ہے۔ ایڈوائزری میں کہا گیا ' : متوقع رش اور عوامی اجتماعات کو دھیان میں رکھتے ہوئے، تقریبات کے دوران شہر میں کہیں بھی غلط پارکنگ اور سڑک کے کنارے پارکنگ پر سختی سے پابندی عائد کر دی گئی ہے'۔ ایڈوائزری میں واضح طور پر کہا گیا (بقیہ ۶ پر)

# مرمو نے اہلِ وطن کو ہولی کی مبارکباد دی



نئی دہلی، 03 فروری (یو این آئی) صدر دروپدی مرمو نے اہلِ وطن کو ہولی کے پُرمسرت موقع پر مبارکباد دی ہے۔صدر سیکریٹریٹ نے منگل کو بتایا کہ محترمہ مرمو نے اپنے پیغام مبارکباد میں دعا کی ہے کہ ہولی کے رنگ سب کی زندگی میں خوشیاں لے کر آئیں۔ صدر نے کہا کہ امنگ سے بھرے تہوار ہولی کے مبارک موقع پر، میں ملک اور بیرونِ ملک رہنے والے تمام ہندوستانیوں کو مبارکباد دیتی ہوں۔ ہولی خوشی اور جوش کا تہوار ہے جو سماجی ہم آہنگی کا پیغام دیتا ہے۔ یہ تہوار لوگوں کی زندگی میں محبت اور امید کا پیغام دیتا ہے اور باہمی اتحاد و بھائی چارے کو مضبوط کرتا ہے۔ہولی تنوع میں اتحاد' کی بھی علامت ہے۔ میری دعا ہے کہ ہولی کے رنگ سب کی زندگی میں خوشیاں لے کر آئیں اور ہم سب مل کر ایک ترقی یافتہ قوم کی تعمیر میں اپنا حصہ ڈالیں۔ "

# وزیراعظم مودی نے جنگلی حیات کے عالمی دن پر تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا



نئی دہلی، 3 مارچ (ایجنسیز) عالمی یوم جنگلی حیات کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی نے کرہ ارض کی بھرپور حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کی اہمیت پر زور دیا اور تحفظ اور پائیدار ترقی کے لیے ہندوستان کے عزم کا اعادہ کیا ۔ایکس پر پوسٹ کیے گئے ایک پیغام میں، وزیراعظم نے کہا ، "عالمی یوم جنگلی حیات اس ناقابل یقین حیوانات کے تنوع کو منانے کے بارے میں ہے جو ہمارے سیارے کو تقویت بخشتا ہے اور ہمارے ماحولیاتی نظام کو برقرار رکھتا ہے۔ یہ جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے کام کرنے والے ہر فرد کو تسلیم کرنے کا دن ہے۔ہم تحفظ، پائیدار طریقوں اور رہائش گاہوں کے تحفظ کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں تاکہ ہماری جنگلی حیات ترقی کرتی رہے۔جنگلی حیات کا عالمی دن ہر سال 3 مارچ کو دنیا کے جنگلی جانوروں اور پودوں کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کے لیے عالمی کوششوں کو تسلیم کرنے کے لیے منایا جاتا ہے۔ایشیائی شیروں اور بنگال ٹائیگرس سے لے کر ہاتھیوں اور ایک سینگ والے گینڈوں کی نایاب انواع کی ایک وسیع رینج کا گھر ہندوستان تحفظ کے متعدد اقدامات میں سب سے آگے رہا ہے۔گزشتہ دہائی کے دوران، حکومت نے پروجیکٹ ٹائیگر اور پروجیکٹ ایلیفینٹ جیسے فلیگ شپ پروگراموں کے ساتھ ساتھ محفوظ علاقوں کو بڑھانے اور وائلڈ لائف کوریڈورز کو مضبوط کرنے کی کوششوں پر روشنی ڈالی ہے۔ ہندوستان نے شیروں کی آبادی بڑھانے اور کمیونٹی کی شرکت اور غیر قانونی شکار کے خلاف سخت اقدامات کے ذریعے خطرے سے دوچار انواع کے تحفظ میں بھی قابل ذکر کامیابیاں حاصل کی ہیں ۔ماحولیاتی ماہرین کا کہنا ہے کہ تحفظ پائیدار ترقیاتی اہداف سے قریب سے جڑا ہوا ہے ، خاص طور پر ایسے ملک میں جہاں ماحولیاتی توازن زراعت، معاش اور آب وہوا کی لچک کی حمایت کرتا ہے۔وزیراعظم کا پیغام رہائش گاہ کے نقصان، آب وہوا کی تبدیلی اور حیاتیاتی تنوع میں کمی کے بارے میں بڑھتی ہوئی عالمی تشویش کے درمیان آیا ہے ۔ تحفظ کے ماہرین نے حکومتوں ، مقامی برادریوں اور ماحولیاتی تنظیموں کے درمیان مسلسل تعاون کی ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ترقی فطرت کی قیمت پر نہ آئے ۔جیسا کہ دنیا جنگلی حیات کا عالمی دن منا رہی ہے ، ہندوستان نے تحفظ کی پالیسیوں کو مستحکم کرنے اور پائیدار طریقوں کو فروغ دینے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

# جنگلی حیات کا تحفظ مشترکہ ذمہ داری: یادو



نئی دہلی، 3 مارچ (یو این آئی) ماحولیات، جنگلات اور موسمیاتی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے کہا ہے کہ جنگلی حیات کا تحفظ نہ صرف ماحولیاتی توازن کے لیے اہم ہے بلکہ یہ ایک مشترکہ ذمہ داری ہے اور اس کے تحفظ کے لیے سماج کے تمام طبقات کی مسلسل کوششوں کی ضرورت ہے۔ ماحولیات، جنگلات اور موسمیاتی تبدیلی کی وزارت نے آج بتایا کیا کہ مسٹر یادو نے جنگلی حیات کے عالمی دن کے موقع پر ایک پیغام جاری کرتے ہوئے اسے زمین کی حیرت انگیز حیاتیاتی تنوع کا جشن قرار دیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جنگلی حیات کا تحفظ نہ صرف ماحولیاتی توازن کے لیے اہم ہے بلکہ یہ ایک مشترکہ ذمہ داری بھی ہے جس کے لیے زمین کے قدرتی ورثے کے تحفظ کے لیے معاشرے کے تمام طبقات کی جانب سے مسلسل کوششوں کی ضرورت ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں، مسٹر یادو نے اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان اپنے امیر ماحولیاتی نظام کو خطرے میں ڈالنے والے بہت سے خطرات سے واقف ہے ۔انہوں نے کہا، "لہٰذا، ہم نہ صرف اپنے پاس موجود وسائل کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں، بلکہ ماحولیاتی نظام کی بحالی کے لیے ضروری انواع کے تحفظ کے لیے بھی پرعزم ہیں۔انہوں نے کہا کہ جنگلی حیات کا عالمی دن ہر سال 3 مارچ کو جنگلی حیات اور پودوں کے تہوار کے طور پر منایا جاتا ہے۔ ہر سال، ہم لوگوں اور کرہ ارض کے لیے جنگلی حیات کے منفرد کردار اور شراکت کو تسلیم کرتے ہیں۔ یہ دن جنگلی حیات اور پودوں کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے اور ماحولیاتی توازن اور انسانی بہبود کے لیے حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کے لیے ہماری اجتماعی ذمہ داری پر زور دیتا ہے۔

# خامنہ ای کی موت پر وزیراعظم کو واضح طور پر بولنا چاہئے: راہل

## بات چیت اور تحمل ہی امن کا واحد راستہ ہے



نئی دہلی، 3 مارچ (یو این آئی) کانگریس کے سابق صدر اور لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی نے کہا ہے کہ ایران میں بگڑتی ہوئی صورتحال اور اس کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کی موت ٹارگٹڈ قتل ہے اور حالات کو دیکھتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کو اس پر اپنی واضح رائے کا اظہار کرنا چاہیے ۔کانگریس لیڈر نے کہا کہ جنگ کی وجہ سے ایران اور دیگر خلیجی ممالک میں پیدا ہونے والی صورتحال کے پیش نظر ہندوستان کو واضح پالیسی پر عمل کرنا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران اور امریکہ و اسرائیل کے درمیان مسلسل بڑھتے ہوئے تنازعہ نے خلیجی ممالک میں رہنے والے ہندوستانیوں کے لئے بھی غیر یقینی صورتحال کا بحران پیدا کر دیا ہے ۔منگل کو ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مسٹر گاندھی نے کہا کہ امریکہ، اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی ایک نازک خطے کو وسیع تر تنازعے کی طرف دھکیل رہی ہے۔اس کے نتیجے میں خلیجی ممالک میں رہنے والے تقریباً 10 ملین ہندوستانیوں کے ساتھ ساتھ لاتعداد دیگر غیر یقینی صورتحال کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے سکیورٹی خدشات کو فطری قرار دیا، لیکن کہا کہ خودمختاری کی خلاف ورزی کرنے والے حملے بحران کو مزید سنگین کر دیں گے ۔ ایران پر یکطرفہ حملوں کے ساتھ ہی ایران کی جانب سے مغربی ایشیا پر کیے جا رہے حملے ، دونوں کی مذمت کی جانی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ تشدد ہی تشدد کو جنم دیتا ہے، اس لیے بات چیت اور تحمل ہی امن کا واحد راستہ ہے۔کانگریس لیڈر نے کہا، "ہندوستان کو اخلاقی طور پر واضح ہونا چاہیے ۔ ہمیں بین الاقوامی قانون اور انسانی زندگی کے دفاع میں کھل کر بولنے کی ہمت ہونی چاہیے۔ ہماری خارجہ پالیسی خودمختاری اور تنازعات کے پرامن حل پر مبنی ہے اور اسے مستقل رہنا چاہیے۔وزیراعظم مودی کو بولنا چاہیے۔کیا وہ عالمی نظام کی تعریف کرنے کے طریقے کے طور پر کسی سربراہ مملکت کے قتل کی حمایت کرتے ہیں۔اب خاموشی دنیا میں ہندوستان کی ساکھ کو کم کرتی ہے۔

# نتن نبین راجیہ سبھا انتخابات کے لیے

## بی جے پی کے امیدوار مقرر



نئی دہلی، 3 مارچ (یو این آئی) بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے پارٹی کے صدر نتن نبین کو راجیہ سبھا انتخابات کے لیے امیدوار نامزد کیا ہے ۔مختلف ریاستوں میں 2026 میں ہونے والے راجیہ سبھا کے دو سالہ انتخابات کے لیے پارٹی نے اپنے نو امیدواروں کا اعلان کیا ہے، جن میں نتن نبین کا نام بھی شامل ہے۔ بی جے پی کے قومی جنرل سکریٹری ارون سنگھ نے بتایا کہ پارٹی نے اپنے قومی صدر نتن نبین اور شیوِیش کمار کو بہار سے راجیہ سبھا انتخابات کے لیے امیدوار بنایا ہے۔ پارٹی قیادت نے آسام سے تیراش گووالا اور جوگین موہن کے ناموں کی منظوری دی ہے ۔ چھتیس گڑھ سے بی جے پی نے لکشمی ورما کو امیدوار مقرر کیا ہے ۔ ہریانہ سے سنجے بھاٹیہ کو راجیہ سبھا انتخابات کے لیے نامزد کیا گیا ہے۔ اڈیشہ سے منموہن سامَل اور سجیت کمار پارٹی کے امیدوار ہوں گے ۔ اسی طرح مغربی بنگال سے راہل سنہا کو راجیہ سبھا انتخابات کے لیے بی جے پی کا امیدوار بنایا گیا ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق مختلف ریاستوں میں تنظیمی توازن اور سیاسی حکمت عملی کو مدنظر رکھتے ہوئے امیدواروں کا انتخاب کیا گیا ہے۔

# وزارت دفاع نے 5,083 کروڑ روپے کے معاہدات پر دستخط کیے

نئی دہلی، 3 مارچ (ایجنسیز) عالمی سطح پر بحری سلامتی کے ایک بڑے چیلنج کے طور پر ابھرنے کے سبب وزارت دفاع نے بحری سلامتی کو مضبوط بنانے کے لیے 5,083 کروڑ روپے کے دو معاہدوں پر دستخط کیے ہیں، جن کے تحت چھ جدید ایڈوانسڈ لائٹ ہیلی کاپٹر (اے ایل ایچ) ایم کے-) II بحری کردار) ہندستانی کوسٹ گارڈ کو مہیا کرائے جائیں گے اور سرفیس ٹو ایئر ورٹیکل لانچ -شٹل میزائلز ہندستانی بحریہ کے لیے فراہم کیے جائیں گے ۔ یہ معاہدے دہلی کے ساوتھ بلاک میں دفاعی سکریٹری راجیش کمار سنگھ کی موجودگی میں دستخط کیے گئے ۔ آپریشنل رول آلات کے ساتھ اے ایل ایچ ایم کے) III-ایم آر) ہیلی کاپٹر، ایک انجینئرنگ سپورٹ پیکیج ، اور کارکردگی پر مبنی لاجسٹک سپورٹ ، جس کی مالیت 2,901 کروڑ روپے ہے ، کے معاہدے پر ہندوستان ایروناٹکس لمیٹڈ ، بنگلورو کے ساتھ خرید کے (ہندوستانی-مقامی طور پر ڈیزائن کردہ تیار اور تیار کردہ) زمرے کے تحت دستخط کیے گئے ہیں ۔دو انجنوں پر مبنی یہ ہیلی کاپٹر جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس ہیں اور جو موجودہ آپریٹ کیے جانے والے ہوائی پلیٹ فارمز سے زیادہ بہتر ہیں۔ یہ ہیلی کاپٹر نہ صرف ساحلی ہوائی اڈوں سے بلکہ سمندر میں موجود جہازوں سے بھی وسیع رینج کے بحری سلامتی مشنز انجام دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ان ہیلی کاپٹروں کے شامل ہونے سے ہندستانی کوسٹ گارڈ کی صلاحیت میں نمایاں اضافہ ہوگا، جس سے مصنوعی جزیروں اور آف شور تنصیبات کی حفاظت، ماہی گیروں کی حفاظت، اور سمندری ماحول کے تحفظ کے فرائض مؤثر اور بروقت انجام دینا ممکن ہو جائے گا۔ اس پروجیکٹ میں 200 سے زیادہ ایم ایس ایم ای سے آلات کی فراہمی کی توقع ہے اور امید ہے کہ اس سے تقریباً 65 لاکھ افرادی گھنٹے کا روزگار پیدا ہوگا۔ یہ معاہدہ ملک کے سمندری سلامتی کے ڈھانچے کو مزید مضبوط کرتے ہوئے آتم نربھر بھارت اور میک ان انڈیا مہم کے لیے حکومت کے عزم کو تقویت دیتا ہے ۔سرفیس ٹو ایئر ورٹیکل لانچ شٹل میزائلوں اور متعلقہ میزائل ہولڈنگ فریموں کی خریداری کے معاہدے پر روسی فیڈریشن کی کمپنی جے ایس سی روز بورون ایکسپورٹ کے ساتھ دستخط کیے گئے ہیں جس کی مالیت 2,182 کروڑ روپے ہے۔

# ہندستانی ایئر لائنز نے منگل سے مغربی ایشیا کے

## منتخب شہروں کے لیے پروازیں شروع کیں

نئی دہلی، 3 مارچ (یو این آئی) ہندستانی ایئر لائنز نے منگل سے مغربی ایشیا کے چند منتخب شہروں کے لیے باقاعدہ اور خصوصی پروازیں شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔نجی ایئر لائن اسپائس جیٹ نے بتایا ہے کہ وہ آج اور آئندہ چند دنوں کے لیے متحدہ عرب امارات کے شہر فجیرہ سے دہلی اور کوچی کے لیے ایک ایک جبکہ ممبئی کے لیے دو خصوصی پروازوں کا آپریشن کرے گی۔ اس کے علاوہ 04 مارچ سے وہ فجیرہ سے دہلی اور ممبئی کے لیے اپنی باقاعدہ پروازیں بھی شروع کرے گی۔ نئی قائم شدہ ایئر لائن اکاسا ایئر نے 3 مارچ سے ممبئی اور سعودی عرب کے شہر جدہ کے درمیان باقاعدہ پرواز شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وہ بدھ سے ممبئی اور احمد آباد سے جدہ کے لیے باقاعدہ پروازیں چلائے گی۔ تاہم ابو ظہبی، دوحہ، کویت اور ریاض جانے والی اس کی تمام پروازیں 04 مارچ تک منسوخ رہیں گی۔ انڈیگو آج جدہ سے ممبئی، حیدرآباد اور احمد آباد کے لیے چار پروازیں چلا رہی ہے ۔ اس نے بتایا ہے کہ ان پروازوں کا آپریشن ان مسافروں کے لیے کیا جا رہا ہے جنہوں نے پہلے سے انڈیگو کی فلائٹ میں ٹکٹ بک کرائے تھے۔ ایئر انڈیا ایکسپریس نے آج سے عمان کے دارالحکومت مسقط سے دہلی، کوچی، کوزیکوڈ، بنگلورو، ممبئی اور تروچیراپلی کے لیے باقاعدہ پروازیں شروع کرنے کا اعلان کیا ہے ۔ تاہم بحرین، کویت، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات جانے والی اس کی تمام پروازیں آج آدھی رات تک منسوخ رہیں گی۔ ایئر انڈیا نے امریکہ، کناڈا، یورپ اور برطانیہ کے لیے اپنی تمام پروازیں آج سے معمول کے مطابق چلانے کا اعلان کیا ہے۔ کمپنی کے مطابق مغربی ایشیا جانے والی اس کی تمام پروازیں آج آدھی رات تک منسوخ رہیں گی۔ قابلِ ذکر ہے کہ ایران کے خلاف امریکہ اور اسرائیل کی مشترکہ فوجی کارروائی کے بعد مغربی ایشیا کی صورتحال کشیدہ ہوگئی ہے۔

# خلیجی جنگ نے ہندوستان کی توانائی کی شہ رگ کو جھنجھوڑا،

## 100 ڈالر فی بیرل تیل کا خطرہ

نئی دہلی، 3 مارچ (یو این آئی اسپیشل) جینت رائے چودھری / ہندوستان کی وہ کمپنیاں جو ایل این جی استعمال کرتی ہیں، سپلائی میں کٹوتی اور قدرتی گیس کی بلند قیمتوں کے لیے تیار ہو رہی ہیں۔ یہ گیس ان کے ٹربائنز، آرک فرنسز، اسمیلٹرز اور دیگر بھاری مشینری کو چلانے کے ساتھ ساتھ کھاد اور پیٹروکیمیکل کمپنیوں کے لیے فیڈ کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔قطر، جو ہندوستان کی ایل این جی سپلائی کا 40 فیصد سے زیادہ فراہم کرتا ہے، نے پیر کو ایرانی ڈرون حملوں کے بعد اپنے راس لفان کمپلیکس میں مائع قدرتی گیس کی سہولتیں بند کرنے کا اعلان کیا۔ وہیں ویری لارج آئل ٹینکرز (وی ایل سی سی) کے لیے شپنگ قیمت، جو 20 لاکھ بیرل تیل مغربی ایشیا سے ہندوستان، جاپان، کوریا اور چین لے جا سکتے ہیں، ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی ہے: 423,736 امریکی ڈالر، جو 94 فیصد زیادہ ہے ۔ لندن اسٹاک ایکسچینج گروپ کے مطابق خلیج میں جنگ ہندوستان کو ایک پرانے لیکن اب تک حل نہ ہونے والے مخمصے کا سامنا کروا رہی ہے کہ کس طرح تیل سے مالا مال مغربی ایشیا میں جنگ کے دوران اپنی توانائی کی شہ رگ کو محفوظ بنایا جائے۔ نئی دہلی کا ردعمل خاموش ہنگامی منصوبہ بندی ہے تاکہ کسی آنے والے تیل کے جھٹکے سے بچا جا سکے، ساتھ ہی یہ یقین دہانی بھی دی جا رہی ہے۔

# سونیا گاندھی نے خامنہ ای کی ہلاکت پر حکومت کی خاموشی پر اٹھایا سوال،

## پارلیمنٹ میں بحث کا مطالبہ کیا



نئی دہلی، 3 مارچ (یو این آئی) کانگریس پارلیمانی پارٹی کی صدر سونیا گاندھی نے اسرائیل اور امریکہ کے حملوں میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کے مارے جانے کی مذمت کی ہے اور اس معاملے پر مودی حکومت کی خاموشی پر سوال اٹھاتے ہوئے پارلیمنٹ میں بحث کرانے کا مطالبہ کیا ہے ۔ محترمہ گاندھی نے ایک اخبار میں لکھے مضمون میں کہا کہ حکومت کی یہ خاموشی غیر جانبداری نہیں، بلکہ ذمہ داری سے پیچھے ہٹنے کے مترادف ہے، جس سے ہندوستان کی خارجہ پالیسی کی سمت اور اس کی ساکھ پر سنگین سوالات کھڑے ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کی خارجہ پالیسی تاریخی طور پر خودمختار مساوات، عدم مداخلت اور پرامن حل جیسے اصولوں پر مبنی رہی ہے ۔ خاموشی ان اصولوں کے منافی معلوم ہوتی ہے۔ سونیا گاندھی نے کہا کہ یکم مارچ کو ایران نے تصدیق کی تھی کہ اس کے سپریم لیڈر ایک روز قبل امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے کیے گئے ہدفی حملوں میں مارے گئے۔

# لوک سبھا کی استحقاق کمیٹی کی ازسرِنو تشکیل، روی شنکر پرساد چیئرمین مقرر

نئی دہلی، 3 مارچ (یو این آئی) لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے لوک سبھا کی استحقاق کمیٹی کی تنظیم نو کرتے ہوئے سینئر رکن روی شنکر پرساد کو اس کا چیئرمین مقرر کیا ہے ۔ سرکاری اطلاع کے مطابق، اس کمیٹی میں بھارتیہ جنتا پارٹی، کانگریس، ترنمول کانگریس، شیوسینا اور سماجوادی پارٹی سمیت مختلف جماعتوں کے کل 15 ارکان کو نامزد کیا گیا ہے ۔ یہ لوک سبھا کی ایک مستقل پارلیمانی کمیٹی ہوتی ہے جس کے تمام 15 ارکان کو لوک سبھا اسپیکر نامزد کرتے ہیں۔ یہ کمیٹی ایوان اور اس کے ارکان کے خصوصی اختیارات کی خلاف ورزی یا توہین سے متعلق معاملات کی جانچ کرتی ہے ۔ روی شنکر پرساد کی سربراہی میں تشکیل دی گئی اس کمیٹی کے دیگر ارکان میں برج موہن اگروال، طارق انور، منیکم ٹیگور بی . ٹی آر بالو، کلیان بنرجی، شری رنگ اپا چندو بارنے ، رام ویر سنگھ بدھوڑی، سنگیتا کماری سنگھ دیو، جگدمبیکا پال، تروبیندر سنگھ راوت، اروند گنپت ساونت، جگدیش شیٹر، منیش تیواری اور دھرمیندر یادو شامل ہیں۔

## بھارت اور ارجنٹائن نے اسٹریٹجک کان کنی کے شعبے میں نئے تعاون کی تلاش کئے

نئی دہلی/3 مارچ/ ایم این این/ ارجنٹائن اور ہندوستان نے اسٹیل کی وزارت کے زیر اہتمام ایک اعلیٰ سطحی انٹرایکٹو سیشن کے دوران اسٹریٹجک کان کنی کے شعبے میں تعاون کے لیے نئی راہیں تلاش کیں۔ اس مصروفیت کا مقصد بین الاقوامی تعاون کو آگے بڑھانا اور بھارت اسٹیل 2026 کے فریم ورک کا خاکہ پیش کرنا تھا، ایک بین الاقوامی کانفرنس-کم-ایگزیبیشن جو 17-16 اپریل، 2026 کو بھارت منڈپم، نئی دہلی میں شیڈول ہے۔ ہندوستان میں ارجنٹائن کے سفیر ماریانو کاوسینو نے سیشن کے بعد دوطرفہ ہم آہنگی کے امکانات پر روشنی ڈالی۔ سفیر نے ایکس پر کہا کہ 2026 کے بھارت اسٹیل کانکلیو کے موقع پر اسٹیل کے وزیر کی زیر صدارت انٹرایکٹو سیشن میں شرکت کرنے کے موقع کے لیے شکرگزار ہوں۔ اسٹیل کی وزارت، حکومت ہند نے اسٹیل کے شعبے میں اسٹریٹجک تعاون کو آگے بڑھانے کے لیے دنیا بھر کے سینئر سفارت کاروں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی بات چیت کا اجلاس بلایا اور اس کے اہم بین الاقوامی ایونٹ 'بھارت اسٹیل 2026 کے لیے روڈ میپ کا خاکہ پیش کیا۔

# حکومت کا اے وی جی سی پر زور: آئی آئی سی ٹی

## نے 15 ہزار اسکولوں میں لیبز کے لیے بنیادی کام شروع کیا

نئی دہلی، 3 مارچ (یو این آئی) مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کے 15 ہزار اسکولوں اور 500 کالجوں میں کنٹینٹ کریئیٹر لیبز کے اعلان کے تقریباً ایک ماہ بعد اس پر کام شروع ہو چکا ہے۔ ممبئی میں واقع انڈین انسٹی ٹیوٹ آف کریئیٹو ٹیکنالوجیز (آئی آئی سی ٹی) کی سربراہی میں یہ لیبز اینیمیشن ، ویژول ایفیکٹس ، گیمنگ اور کامکس (اے وی جی سی) کے مواد کے لیے خدمات فراہم کریں گی ۔ یکم فروری کو بجٹ تقریر کے دوران کیے گئے اعلان میں سیتا رمن نے کہا کہ حکومت ان لیبز کے قیام میں 250 کروڑ روپے کی مدد فراہم کرے گی ۔ ہندوستان کی اے وی جی سی ایک بڑھتی ہوئی صنعت ہے جس کے لیے 2030 تک 20 لاکھ پیشہ ور افراد کی ضرورت ہونے کا امکان ہے ۔ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے ملک میں 15 ہزار سیکنڈری اسکولوں اور 500 کالجوں میں اے وی سی جی مواد بنانے والی لیبز کے قیام میں آئی آئی سی ٹی ممبئی کی مدد کرنے کی تجویز پیش کی۔ یو این آئی سے بات کرتے ہوئے آئی آئی سی ٹی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر وشواس دیوسکر نے کہا کہ حال ہی میں صنعت کے لوگوں سمیت 75 اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا تھا۔ ورکشاپ میں نیتی آیوگ ، وزارت تعلیم ، ہنرمندی کی ترقی اور صنعت کاری کی وزارت کے افسران ، بورڈ ، گورننگ کونسلوں ، اکیڈمک کونسل ، آر اینڈ ڈی کونسل ، اسکل کونسل اور آئی آئی سی ٹی کی انڈسٹری ڈیولپمنٹ کونسل کے ممبران ، ریاستوں ، انڈسٹری ایسوسی ایشن اور اکیڈمیا کے نمائندے شامل ہوئے ۔ ورکشاپ کی اہم جھلکیاں پیش کرتے ہوئے ، وزارت اطلاعات ونشریات نے کہا کہ مجوزہ لیباریٹریز جدید تخلیقی اسٹوڈیو کے طور پر کام کریں گی ، جو طلبا کو صنعت کے معیاری سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر کا استعمال کرتے ہوئے پیشہ ورانہ پروڈکشن پائپ لائنوں تک رسائی فراہم کریں گی۔

# ایک لاکھ سے زائد اسکولوں کو آدھار میں لازمی بایومیٹرک

## اپ ڈیٹ کے لیے یو آئی ڈی اے آئی کی خصوصی مہم

نئی دہلی، 3 مارچ (یو این آئی) ایک اہم سنگ میل کے طور پر منفرد شناخت سے متعلق ہندستان کی اتھارٹی (یو آئی ڈی اے آئی) نے ملک بھر میں 1,03,000 سے زائد اسکولوں کا احاطہ کرتے ہوئے لاکھوں طلبہ کو ان کے اسکول کیمپس میں ہی آدھار میں لازمی بایومیٹرک اپ ڈیٹ (ایم بی یو) آسانی اور سہولت کے ساتھ مکمل کرنے میں مدد فراہم کی ہے۔ اب تک اس بڑے پیمانے کی مہم کے تحت تقریباً 1.2 کروڑ (12 ملین) اسکولی بچوں نے اپنے اسکولوں میں ہی ایم بی یو مکمل کیا ہے۔ یو آئی ڈی اے آئی نے ستمبر 2025 میں اسکولی بچوں کے لیے مشن موڈ میں ایم بی یو مہم کا آغاز کیا، جو یونیفائیڈ ڈسٹرکٹ انفارمیشن سسٹم فار ایجوکیشن پلس (یو ڈی آئی ایس ای پلس) ایپلیکیشن کے ساتھ کامیاب تکنیکی انضمام کے بعد ممکن ہوا۔ اسکولی تعلیم وخواندگی کے مرکزی محکمہ کے یو ڈی آئی ایس ای پلس کے ساتھ انضمام سے اسکولوں میں بچوں کے ایم بی یو کی حیثیت کی نگرانی ممکن ہوئی۔ اس کے ذریعے ان بچوں کی نشاندہی کی گئی جن کا ایم بی یو باقی تھا، اور اسکولوں میں کیمپ لگا کر اپ ڈیٹ مکمل کرایا گیا۔ ملک بھر میں یو آئی ڈی اے آئی کے علاقائی اور ریاستی دفاتر ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے محکمہ تعلیم، ضلعی انتظامیہ، اسکولوں اور یو آئی ڈی اے آئی کے شراکت داروں سمیت تمام متعلقہ فریقین کے ساتھ مل کر بچوں پر مرکوز اس مہم کو ہم آہنگی کے ساتھ آگے بڑھا رہے ہیں۔ اس وقت کم از کم 4,000 مشینیں اس جاری عمل میں استعمال ہو رہی ہیں اور رفتار کو مزید تیز کرنے کے لیے اس تعداد میں اضافے کا عمل جاری ہے۔ بچوں کے آدھار میں بایومیٹرک معلومات کو اپ ڈیٹ رکھنے سے انہیں مختلف سرکاری اسکیموں اور وظائف کے فوائد حاصل کرنے کے لیے تصدیق میں سہولت ملتی ہے، نیز نیٹ، جے ای ای، کیوٹ جیسے مسابقتی اور یونیورسٹی امتحانات میں رجسٹریشن کے دوران بھی مدد ملتی ہے۔ یو آئی ڈی اے آئی والدین اور سرپرستوں کو اپنے بچوں کا بایومیٹرک اپ ڈیٹ کرانے کی ترغیب دے رہا ہے۔ مشن موڈ ایم بی یو مہم چھ ماہ تک جاری رہے گی اور یو آئی ڈی اے آئی نے 7 سے 15 سال کی عمر کے بچوں کے لیے یکم اکتوبر 2025 سے ایک سال کی مدت تک آدھار میں ایم بی یو مفت کر دیا ہے۔

# ہندوستان اور بنگلہ دیش دوطرفہ شراکت داری کو مضبوط بنانے کیلئے سرگرم

ڈھاکہ/ 3 مارچ/ ایم این این/ بنگلہ دیش میں ہندوستان کے ہائی کمشنر پرنائے ورما نے منگل کے روز بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی) کی نوتشکیل شدہ طارق رحمان کی حکومت کے وزراء سے ملاقاتیں کیں جس میں دوطرفہ تعلقات کو بڑھانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ ڈھاکہ میں ہندوستانی ہائی کمیشن کے مطابق، ورما نے بنگلہ دیش کے لوکل گورنمنٹ، دیہی ترقی اور کوآپریٹو کے وزیر مرزا فخر الاسلام عالمگیر سے ملاقات کی تاکہ مشترکہ دلچسپی کے مختلف شعبوں کو تلاش کیا جائے۔ دونوں فریقوں نے دیہی معیشت، زرعی کوآپریٹو، نچلی سطح پر مالیاتی بااختیار بنانے وغیرہ جیسے شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ ہائی کمشنر نے اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان-بنگلہ دیش تعلقات عوام سے عوام کے تعلقات پر قائم ہیں اور یہ کہ ہندوستان باہمی مفاد اور باہمی فائدے کی بنیاد پر تمام شعبوں میں عوام پر مبنی تعاون کو فروغ دینے کے لئے بنگلہ دیش کے ساتھ مثبت، تعمیری اور مستقبل کی طرف متوجہ ہونے کے لئے تیار ہے۔ اس سے پہلے دن میں، ورما نے بنگلہ دیش کے جنگ آزادی کے امور کے وزیر، حافظ الدین احمد سے بھی ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان مضبوط تاریخی رشتوں کی تصدیق کی جو کہ 1971 کی بنگلہ دیش کی آزادی کی جنگ کے دوران مشترکہ قربانیوں سے جڑی ہوئی ہے۔ ہندوستانی ہائی کمیشن نے کہا کہ انہوں نے باہمی احترام اور باہمی اعتماد کی بنیاد پر مل کر کام کرنے کی اہمیت پر زور دیا تاکہ دونوں ممالک کے درمیان عوام کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط کیا جا سکے۔ اتوار کو، ہندوستانی ہائی کمشنر نے بنگلہ دیش کے وزیر داخلہ صلاح الدین احمد سے ملاقات کی، کیونکہ دونوں فریقوں نے دونوں ممالک کے درمیان سیکورٹی تعاون سمیت مشترکہ دلچسپی کے دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ورما نے بنگلہ دیش کے قانون، انصاف اور پارلیمانی امور کے وزیر محمد اسد الزماں سے بھی ملاقات کی۔ ان ملاقاتوں کے دوران، بھارتی ہائی کمشنر نے برسراقتدار بی این پی حکومت کے ساتھ باہمی مفادات، فوائد اور حساسیت پر مبنی متعدد شعبوں میں عوام پر مبنی تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے بھارت کی رضامندی سے آگاہ کیا۔

# امریکہ و اسرائیل کی ایران کے خلاف کھلی جارحیت کی شدید مذمت

## جنگ نے پورے مشرقِ وسطیٰ کو عدم استحکام کی آگ میں جھونک دیا ہے

نئی دہلی، 3 مارچ (یو این آئی) آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف کی گئی مشترکہ اور کھلی جارحیت کی سخت اور دوٹوک الفاظ میں مذمت کرتا ہے ۔ بورڈ اقوام متحدہ اور عالمی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فوری طور پر جنگ بندی کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کرے اور خطے کو تباہ کن جنگ سے بچائے ۔ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے ترجمان ڈاکٹر سید قاسم رسول الیاس نے اپنے پریس بیان میں کہا کہ ایران کے نیوکلیئر پروگرام کے سلسلے میں ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات میں نمایاں پیش رفت ہو چکی تھی۔ ان مذاکرات میں ثالثی کا کردار ادا کرنے والے عمان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی کے مطابق ایران امریکہ کی تقریباً تمام شرائط تسلیم کرنے پر آمادہ ہو چکا تھا۔ اس کے باوجود امریکہ کی جانب سے اچانک مذاکرات ختم کرنے کا اعلان اور فوراً بعد اسرائیل کے ساتھ مل کر ایران پر حملہ اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ مذاکرات محض ایک حربہ تھے ، سنجیدہ سفارتی عمل نہیں۔ ڈاکٹر الیاس نے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے اسے ملتِ اسلامیہ کے لیے عظیم سانحہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ کسی خودمختار ملک کی مرکزی قیادت کو دورانِ جنگ نشانہ بنانا اور قیادت کی تبدیلی کی کھلی بات کرنا بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی صریح خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس جنگ نے پورے مشرقِ وسطیٰ کو عدم استحکام کی آگ میں جھونک دیا ہے۔ ایک طرف متعدد یورپی ممالک امریکہ کی حمایت میں کھڑے ہیں، تو دوسری جانب روس اور چین ایران کی پشت پناہی کر رہے ہیں۔ اگر فوری اور مؤثر سفارتی مداخلت نہ کی گئی تو یہ تصادم وسیع عالمی جنگ کی صورت اختیار کر سکتا ہے۔ طویل جنگ نہ صرف انسانی المیے کو گہرا کرے گی بلکہ عالمی معیشت کو بھی شدید نقصان پہنچائے گی۔

# مشرق وسطیٰ میں ابھرتی ہوئی صورتحال کے درمیان بھارت مکمل طور پر تیار

## توانائی سے متعلق سپلائی مضبوط

نئی دہلی/3 مارچ/ ایم این این/مشرق وسطیٰ میں دشمنی کے پھیلنے اور توانائی کی ابھرتی ہوئی عالمی صورتحال کے بعد، پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر جناب ہردیپ سنگھ پوری نے میڈیا کو موجودہ حالات میں ملک کی تیاریوں سے آگاہ کیا۔ یہ بتایا گیا کہ ہندوستان عالمی سطح پر پٹرولیم مصنوعات کا تیسرا سب سے بڑا درآمد کنندہ ، چوتھا سب سے بڑا ریفائنر اور پانچواں سب سے بڑا برآمد کنندہ ہے۔ مشرق وسطیٰ سے پیدا ہونے والی قلیل مدتی رکاوٹوں سے نمٹنے کے لیے ملک میں خام تیل اور پٹرول ، ڈیزل اور اے ٹی ایف سمیت اہم پٹرولیم مصنوعات کے ذخائر اچھی طرح موجود ہیں ۔ اس بات سے مزید آگاہ کیا گیا کہ گزشتہ چند سالوں میں ہندوستان نے اپنے ذرائع کو متنوع بنا کر اپنی آبادی کے لیے توانائی کی دستیابی اور استطاعت دونوں کو یقینی بنایا ہے ۔ ہندوستانی توانائی کمپنیوں کو اب توانائی کی فراہمی تک رسائی حاصل ہے جو آبنائے ہرمز سے نہیں ہوتی ہے۔ اس طرح کے کارگو دستیاب رہیں گے اور ان سامان کی فراہمی کی کمی کو کم کرنے میں مدد کریں گے جو آبنائے ہرمز کے راستے آتے ہیں ۔وزارت نے ملک بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی سپلائی اور اسٹاک کی صورتحال کی مسلسل نگرانی کے لیے چوبیس گھنٹے ساتوں دن کام کرنے والا کنٹرول روم قائم کیا ہے۔ اس وقت حکومت اسٹاک کے حوالے سے کافی حد تک مطمئن ہے۔ بھارتی صارفین کے مفادات کا تحفظ سب سے بڑی ترجیح ہے۔ مسلسل نگرانی کی بنیاد پر حکومت محتاط انداز میں پرامید ہے کہ ضرورت پڑنے پر مرحلہ وار اقدامات کے ذریعے صورتحال کو مزید موثر طریقے سے قابو میں لایا جا سکتا ہے۔

# میلانیا ٹرمپ کی زیرِ صدارت سلامتی کونسل کا اجلاس، انوکھی تاریخ رقم



نیویارک، 3 مارچ (یو این آئی) امریکی خاتونِ اوّل میلانیا ٹرمپ نے اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس کی صدارت کر کے انوکھی تاریخ رقم کردی۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق امریکہ کی خاتونِ اوّل نے اپنی تقریر میں دنیا بھر کے بچوں کے حقوق اور ان کی تعلیم کے لیے آواز بلند کی۔ نیویارک میں منعقدہ اجلاس میں میلانیا ٹرمپ نے کہا کہ امریکہ دنیا بھر کے بچوں کے محفوظ مستقبل اور تعلیم تک رسائی کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔ اپنے خطاب میں میلانیا ٹرمپ نے بچوں کی تعلیم کو برداشت اور عالمی امن کے فروغ' میں کلیدی عنصر قرار دیا۔ یہ پہلا موقع تھا کہ کسی بھی عالمی رہنما کی شریکِ حیات نے سلامتی کونسل کے اجلاس کی صدارت کی۔ امریکا نے رواں ماہ اقوامِ متحدہ کی کونسل کی گردشی صدارت سنبھالی ہے اور اسی حیثیت میں میلانیا ٹرمپ نے اجلاس کی قیادت کی ہے۔

# آج ہونے والے بلڈ مون' اور ایران اسرائیل جنگ میں تعلق



دبئی، 3 مارچ (یواین آئی) آج ہونے والے بلڈ مون ' اور ایران اسرائیل جنگ میں تعلق کے سنسنی خیز دعوؤں کی حقیقت سامنے آ گئی۔ تفصیلات کے مطابق مشرقِ وسطیٰ میں ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے حملوں کے بعد جہاں سیکیورٹی کی صورتحال کشیدہ ہے، وہیں سوشل میڈیا پر مختلف سازشی نظریات' اور مذہبی پیشگوئیوں نے ایک نیا طوفان کھڑا کر دیا ہے۔ بہت سے صارفین اور مخصوص مذہبی گروہ بلڈ مون' (سرخ چاند گرہن) جیسے قدرتی فلکیاتی واقعے کو جنگی حالات سے جوڑ کر اسے دنیا کے خاتمے' کی علامت قرار دے رہے ہیں۔ بلڈ مون (Blood ' Moon) اور جنگ: حقیقت یا اتفاق؟ انٹرنیٹ پر یہ نظریہ گردش کر رہا ہے کہ 2026 کا پہلا چاند گرہن یہودی تہواروں پوریم' اور روش ہاشانہ' کے قریبی ایام میں ہو رہا ہے، جو ان کے بقول قدیم پیشگوئیوں کے مطابق کسی بڑے عالمی تصادم کا پیش خیمہ ہے۔ سائنسی ماہرین کا کہنا ہے کہ بلڈ مون' محض ایک مکمل چاند گرہن ہے جس کا زمینی جنگوں یا جغرافیائی حالات سے کوئی سائنسی تعلق نہیں ہے، یہ ایک قدرتی فلکیاتی عمل ہے جسے سازشی نظریات کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ سازشی نظریات میں ایک اور پہلو سرخ گائے' کا بھی آ رہا ہے، آن لائن حلقوں میں یہ بحث چھڑی ہوئی ہے کہ مخصوص مذہبی مقاصد کے لیے ایک بے عیب سرخ گائے' کی تلاش جاری ہے، جس کا تعلق یروشلم میں مخصوص مذہبی اقدامات سے جوڑا جاتا ہے، تاہم ان دعوؤں کا کسی بھی مستند رپورٹ یا حقیقت سے کوئی تعلق ثابت نہیں ہو سکا۔ ماہرین اور فیکٹ چیکرز نے ان افواہوں کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے عوام کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے کی اپیل کی ہے۔ فیکٹ چیکرز نے صارفین کو خبردار کیا ہے کہ سائنس اور قیاس آرائیوں کو الگ رکھنا ضروری ہے۔ ایسی پوسٹس شیئر کرنے سے گریز کریں جو صرف عوام میں خوف و ہراس پیدا کرنے کا سبب بن رہی ہیں۔ صارفین سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ صرف تصدیق شدہ خبروں پر یقین کریں اور ایسی کسی بھی معلومات کو آگے نہ بڑھائیں جس کا کوئی ٹھوس ثبوت موجود نہ ہو۔ مشرقِ وسطیٰ کی جنگ اپنی جگہ ایک سنگین حقیقت ہے، لیکن اسے فلکیاتی واقعات یا غیر مستند مذہبی تعبیرات سے جوڑنا محض ایک پراپیگنڈا اور قیاس آرائی ہے۔

# خامنہ ای کی شہادت کے بعد امام خمینی کے پوتے حسن خمینی توجہ کا مرکز

تہران، 3 مارچ (یو این آئی) ایران کے سپریم لیڈر خامنہ ای کی شہادت کے بعد ملک میں قیادت کے ممکنہ جانشینوں سے متعلق بحث شروع ہو گئی ہے، جس میں بانیٔ انقلابِ ایران روح اللہ خمینی کے پوتے حسن خمینی کا نام نمایاں طور پر سامنے آ رہا ہے۔ حسن خمینی اسلامی جمہوریہ ایران کے وفادار سمجھے جاتے ہیں، تاہم وہ اصلاحات کے حامی اور بعض مواقع پر حکام پر تنقید بھی کرتے رہے ہیں، 2021ء میں انہوں نے گارڈین کونسل کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا جب اصلاح پسند امیدواروں کو صدارتی انتخابات میں حصہ لینے سے روک دیا گیا تھا۔ اس فیصلے کے نتیجے میں سخت گیر رہنما ابراہیم رئیسی کامیاب ہوئے تھے، جو 2024ء میں ہیلی کاپٹر حادثے میں جاں بحق ہو گئے۔ 2022ء میں نوجوان ایرانی خاتون مہسا امینی کی پولیس کی حراست میں موت کے بعد ملک گیر احتجاجی مظاہرے شروع ہوئے تھے، حسن خمینی نے اس واقعے پر شفاف تحقیقات اور جوابدہی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ حکام کو واضح طور پر بتانا چاہیے کہ 22 سالہ لڑکی کے ساتھ کیا ہوا۔ اسی دوران انہوں نے ان مظاہرین پر بھی تنقید کی جو خامنہ ای کے خلاف نعرے لگا رہے تھے اور بدامنی کے



دوران ریاستی موقف کی حمایت کی۔ انہوں نے بعض پُرتشدد کارروائیوں کو شدت پسند تنظیم داعش سے تشبیہ دی اور حکومت کے حامی مارچ میں بھی شریک ہوئے۔ خامنہ ای کی وفات پر تعزیتی پیغام میں حسن خمینی نے انہیں ایران اور مسلمانوں کا ہیرو قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایرانی قوم ایک بار پھر امام خمینی کے راستے پر چلتے ہوئے اس مشکل مرحلے سے گزرے گی۔ حسن خمینی کو قریبی حلقوں میں ایک نسبتاً روشن خیال مذہبی اسکالر تصور کیا جاتا ہے، خصوصاً موسیقی، خواتین کے حقوق اور سماجی آزادیوں کے حوالے سے ان کے خیالات قدرے نرم سمجھے جاتے ہیں، وہ سوشل میڈیا رجحانات پر نظر رکھتے ہیں اور مغربی فلسفے سمیت اسلامی فکر میں بھی دلچسپی رکھتے ہیں۔ 2012ء میں بعض اصلاح پسندوں نے انہیں صدارتی انتخابات میں حصہ لینے کا مشورہ دیا تھا، تاہم انہوں نے انکار کر دیا۔ انہوں نے سابق صدر حسن روحانی کی حکومت کی حمایت کی تھی، جس نے 2015ء میں عالمی طاقتوں کے ساتھ جوہری معاہدہ کیا تھا، یہ معاہدہ بعد ازاں امریکی صدر ٹرمپ نے 2018ء میں منسوخ کر دیا تھا۔ حسن خمینی نے ایران پر عائد پابندیوں کے باعث عوام کو درپیش معاشی مشکلات پر بھی کھل کر بات کی ہے۔ ایک دہائی قبل انہوں نے مجلسِ خبرگان کے انتخابات میں حصہ لینے کی کوشش کی تھی، جو سپریم لیڈر کے انتخاب کی ذمہ دار آئینی باڈی ہے، تاہم انہیں گارڈین کونسل نے نااہل قرار دے دیا، باضابطہ طور پر اس کی وجہ ان کا مذہبی درجہ حجۃ الاسلام بتایا گیا، جو آیت اللہ سے ایک درجہ کم ہے، مگر مبصرین کے مطابق یہ اقدام اصلاح پسند کیمپ کے ممکنہ چیلنج کو روکنے کے لیے تھا۔ گزشتہ برس اسرائیل اور ایران کے درمیان 12 روزہ فضائی کشیدگی کے دوران حسن خمینی نے خامنہ ای کو خط لکھ کر ان کی قیادت کو سراہا اور ایرانی میزائلوں کو اسرائیل کے لیے ڈراؤنا خواب قرار دیا تھا۔ حسن خمینی اسرائیل کو شیطانی صہیونی ریاست اور سرطانی رسولی قرار دے چکے ہیں اور ان کا کہنا ہے کہ مسلم دنیا کو صہیونیت کا مقابلہ کرنے کے لیے مضبوط ہونا ہوگا۔ امام خمینی کے پوتے عربی اور انگریزی زبان پر عبور رکھتے ہیں اور نوجوانی میں فٹبال کھیلنے کے شوقین رہے ہیں، تاہم 21 برس کی عمر میں ان کے دادا نے انہیں قم جا کر اسلامی الہیات کی باقاعدہ تعلیم حاصل کرنے کی ہدایت کی تھی۔

# ٹرمپ کی گردن پر سرخ نشان، صحت سے متعلق نئی بحث چھڑ گئی



واشنگٹن، 3 مارچ (ayjnsyz) امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی صحت ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئی ہے، ایک عوامی تقریب کے دوران ان کی گردن پر سرخ نشان دیکھے گئے۔ صدر کے ذاتی معالج ڈاکٹر شان باربیلا نے وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ گردن پر ظاہر ہونے والی سرخی تشویش کا باعث نہیں۔ انہوں نے امریکی نشریاتی ادارے سی این این کو دیے گئے انٹرویو میں بتایا کہ صدر ٹرمپ گردن کے دائیں حصے پر ایک عام نوعیت کی کریم استعمال کر رہے ہیں جو جلد کے حفاظتی علاج (پریوینٹو اسکن ٹریٹمنٹ) کے طور پر دی گئی ہے۔ ڈاکٹر باربیلا کے مطابق صدر ایک ہفتے تک یہ علاج کریں گے جبکہ سرخی چند ہفتوں تک برقرار رہ سکتی ہے، تاہم انہوں نے بنیادی جلد کے مسئلے کی تفصیل فراہم نہیں کی۔ یہ واقعہ ایسے وقت سامنے آیا ہے جب چند ہفتے قبل 79 سالہ صدر کے ہاتھوں کی پشت پر نیل کے نشانات بھی دیکھے گئے تھے، جن کے بارے میں انہوں نے وضاحت کی تھی کہ یہ زیادہ مصافحہ کرنے اور روزانہ اسپرین کی نسبتاً زیادہ مقدار لینے کے باعث ہوئے۔ صدر کے معالج نے ایک بار پھر مؤقف اختیار کیا ہے کہ وہ مجموعی طور پر بہترین صحت میں ہیں۔ دوسری جانب سوشل میڈیا پر اس معاملے پر ملے جلے ردِعمل سامنے آئے، کچھ صارفین نے سخت تنقید کی ہے جبکہ بعض نے کہا ہے کہ اس عمر میں جلد پر سرخی یا معمولی مسائل غیر معمولی بات نہیں۔

# یونیسکو کا جنگ کے تناظر میں خلیجی خطے میں ثقافتی ورثے کے مقامات کے مستقبل پر تشویش کا اظہار

پیرس، 3 مارچ (ایجنسیز) اقوام متحدہ کی تعلیمی، سائنسی اور ثقافتی تنظیم (یونیسکو) نے امریکی اسرائیلی فضائی حملے کے بعد ایران کے گلستان محل' کو پہنچنے والے نقصان پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اقوام متحدہ کی ثقافتی ایجنسی نے ایران میں امریکی اسرائیلی بمباری کے بعد مشرق وسطیٰ میں کئی تاریخی ورثے کے مقامات کے مستقبل پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایران کی مہر خبر رساں ایجنسی کے مطابق پیر کو تہران کے ارگ اسکوائر پر گلستان محل کو فضائی حملے کا نشانہ بنایا گیا۔ محل کی کھڑکیاں، دروازے اور شیشے کو نقصان پہنچا۔ یونیسکو کے مطابق، گلستان محل تہران کے تاریخی مرکز کے مرکز میں واقع ہے۔ 'یہ دیواروں والا محل کمپلیکس شہر کے قدیم ترین محلوں میں سے ایک ہے۔ یونیسکو کے مطابق 1779 میں اقتدار میں آنے والے قاجار خاندان نے تہران کو ملک کا دارالحکومت بنایا اور یہ محل اقتدار کا مرکز بن گیا۔ تالابوں اور باغات سے گھرے ہوئے، محل نے اپنی آرائش اور اہم خصوصیات 19 ویں صدی میں حاصل کیں۔ کمپلیکس میں آٹھ اہم محلاتی ڈھانچے شامل ہیں، جو اب بنیادی طور پر میوزیم کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ یونیسکو نے ایک بیان میں کہا کہ اس نے عالمی ثقافتی ورثہ کی فہرست میں شامل مقامات کے جغرافیائی نقاط کے ساتھ ساتھ قومی اہمیت کے حامل تمام فریقوں کو آگاہ کر دیا ہے، تاکہ کسی ممکنہ نقصان سے بچا جا سکے۔ "یونیسکو نے یہ بھی یاد دلایا کہ ثقافتی املاک کو بین الاقوامی قانون کے تحت تحفظ حاصل ہے جس میں خاص طور پر 1954 کا ہیگ کنونشن فار دی پروٹیکشن آف دی ایونٹ آف آرمڈ کنفلیکٹ اور 1972 کا کنونشن برائے تحفظ عالمی ثقافتی اور قدرتی ورثہ شامل ہے۔'

# اسرائیل نے آیت اللہ خامنہ ای کو قتل کرنے کے لئے ریکی کی

لندن، 3 مارچ (یو این آئی) برطانوی اخبار فنانشل ٹائمز کے اسرائیل کی جانب سے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کو ہدف بنانے کا خفیہ منصوبہ سے متعلق تہلکہ خیز انکشافات سامنے آ گئے۔ تفصیلات کے مطابق برطانوی اخبار فنانشل ٹائمز کی ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ کی شہادت کے حوالے سے تفصیلی رپورٹ نے عالمی سطح پر کھلبلی مچا دی ہے، جس میں ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کو نشانہ بنانے کے لیے کیے گئے برسوں پر محیط اسرائیلی اور امریکی انٹیلی جنس آپریشن کا پردہ چاک کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ اسرائیل نے تہران کے تقریباً تمام ٹریفک کیمروں کو برسوں پہلے ہیک کر لیا تھا، ان کیمروں کے ذریعے حاصل ہونے والی تصاویر کو خفیہ کوڈز میں تبدیل کر کے تل ابیب کے سرورز پر منتقل کیا جاتا تھا۔ برطانوی اخبار کا کہنا تھا کہ اسرائیل تہران کی پاستور اسٹریٹ (جہاں اہم حکومتی دفاتر اور رہائش گاہیں ہیں) پر آنے جانے والے ہر شخص، بالخصوص اعلیٰ حکام کے وفادار محافظوں اور ڈرائیوروں پر نظر رکھے ہوئے تھا، اسرائیل کو یہ تک معلوم تھا کہ کون سا اہلکار اپنی ذاتی گاڑی کہاں پارک کرنا پسند کرتا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ اسرائیل نے محض جاسوسی نہیں کی بلکہ سوشل نیٹ ورک اینالیسس (Social Network Analysis) نامی ایک پیچیدہ ریاضیاتی طریقہ کار استعمال کیا اور اربوں کی تعداد میں ڈیٹا اکٹھا کر کے ایرانی حکام، ان کے محافظوں، ڈیوٹی کے اوقات اور ان کے گھروں کے پتوں کا ایک مکمل پیٹرن آف لائف) 'معمولاتِ زندگی کا نقشہ) تیار کیا گیا۔ فنانشل ٹائمز نے کہا کہ اسرائیلی سگنلز یونٹ اور موساد کے ایجنٹس نے ہزاروں بریفنگز کے ذریعے اس ڈیٹا کو حتمی شکل دی اور پیچیدہ الگورتھمز



کی مدد سے یہ بھی پتہ لگایا گیا کہ کون سا محافظ کس شخصیت کی حفاظت پر مامور ہے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ اسرائیل گزشتہ سال جون میں ہی ایران کا دفاعی نظام مفلوج کر چکا تھا، حملے کے وقت پاستور اسٹریٹ کے قریب ایک درجن سے زائد موبائل فون ٹاورز میں خلل پیدا کر کے مواصلاتی نظام کاٹ دیا گیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق امریکی فوج نے سائبر حملوں کے ذریعے ایران کی نگرانی (Surveillance) کی صلاحیت کو ختم کر دیا تھا تاکہ اسرائیلی طیاروں کی راہ ہموار ہو سکے۔ آپریشن اپیک فیوری (Epic Fury) 'اسرائیل اور امریکہ کا مشترکہ آپریشن تھا، سی آئی اے (CIA) اور اسرائیل کو یقینی طور پر معلوم تھا کہ ہفتے کی صبح خامنہ ای پاستور اسٹریٹ کے قریب واقع کمپاؤنڈ میں موجود ہوں گے۔ امریکی صدر نے انسانی ایجنٹ سے ملنے والی انٹیلی جنس پر اپیک فیوری' حملوں کا حکم دیا، جس کے بعد اسرائیلی طیاروں نے اس کمپاؤنڈ پر 30 بم گرائے، اگر ایرانی سپریم لیڈر بنکر میں ہوتے تو شاید بچ جاتے، لیکن وہ وہاں موجود نہیں تھے۔ امریکی جوائنٹ چیفس آف اسٹاف جنرل ڈین کین نے ان امریکی کارروائیوں کی تصدیق کی ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ حملہ ایران کے لیے ایک بہت بڑا سرپرائز تھا کیونکہ اسرائیل اس کے لیے 25 سال سے تیاری کر رہا تھا۔

## PUBLIC NOTICE

I have applied for a DEE Class Contractor card. In this regard if anybody has any kind of objection he/she may contact SE Civil Drainage SMC Srinagar within the period of seven days from the date of publication of this notice. After the date of expiry no objection shall be entertained.
Name :- Irshad Ahmad Dar
S/o Mukhtar Ahmad Dar
R/o Chammerdoori Zaina Kadal Srinagar

## IN THE COURT OF PRINCIPAL DISTRICT JUDGE SRINAGAR

In the Case of :- Gulnaz W/o Bilal Ahmad Kutay
R/o House No 1 Airport Avenue Humhama Srinagar

Caveator

Versus

Respondents

IN THE MATTER OF: CAVEAT PETMON UNDER SECTION 148 OF CPC.
RESPECTFULLY showeth
1. That the Cavcator, Gulnaz W/o Bilal Ahmad Kutay, is a resident of Jammu & Kashmir UT and is the owner of the property (subject matter of the dispute) involved in the proceedings before the Municipal Magistrate, Srinagar.
That the Caveator apprehends that a challenge may be filed against the order dated 09/02/2026 passed by the Court of Municipal Magistrate. Srinagar, in connection with the aforementioned property. A copy of the said order is enclosed herewith as :Annexure 1.
3. That the Caveator is deeply interested in the outcome of any potential appeals or challenges to said order and therefore seeks to be heard prior to any orders being passed in such matters that may adversely affect her rights.
4. That the Caveator has a legitimate interest in the order passed by the municipal magistrate and any challenge to it is likely to be initiated by members of the General Public or others who may seek to undermine the rights vested in the Caveator.
5. That in order to protect her rights and interests, the Cavcator respectfully submits that this Hon'ble Court should take notice of this Caveat and notify her of any proceedings that may arise in relation to the order dated 09/02/2026.
6. That the requirement of section 148A CPC have been complied with and the publication is annexed herewith as Annexure 11.
It is, therefore, prayed that this Honble Court be pleased to record this Caveat and direct that no orders affecting the rights of the Caveator be passed without giving her a reasonable opportunity to be heard before this Honble Court

**Cavcator Through Counsel**
**Mubashir Malik, Advocate J&K High Court,**
**Srinagar**

Dated: 03/032026

Govt.Of Jammu & Kashmir (U.T)

## OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER PWD(R&B) DIVISION VAILOO

**FRESH NOTICEINVITINGTENDERS**
**NITNo.119/10026-35ofR&B/Vailoo/2025-2026/e-tendering DATED:02/03/2026**

For and on behalf oftheLieutenant Governorof Union TerritoryJ&Ke-tenders (In Single cover system)are invited on%age basisfrom approved and eligible Contractors registered with J&K State Govt., CPWD, Railways andotherState/CentralGovernmentsforthefollowingworks.

| S.No | NameofWork | Approved Amount(Rs. InLacs) | Cost ofT/Doc.inform ofTreasurychallen /Receipt(inRs) | Earnest Money(2% ofAdv.Cost)(inRs.) | Time of completion | Project Intending Department | Class of Contractor | Major Head of account |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Upgradation of Cooperative Infrastructure of Cooperrative marketing society Sagam at Bindoo (by way of additional items) | 11.889 | 600 | 23778 | 20 Days | Cooperative Societies | BEE/CEE /DEEClass | Capex Budget |
| 2 | Upgradation of Kuthar Bala S & S Cooperative Society (by way of additional items) | 03.409 | 200 | 6818 | 20 Days | Cooperative Societies | DEEClass | Capex Budget |

Position of AA: Accorded Position of TS: Accorded
The Bidding documents consisting of qualifying information, eligibility criteria, specifications, Drawings, bill of quantities(B.O.Q),Setoftermsandconditionsofcontractandotherdetailscanbeseen/downloadedfromthedepartmentalwebsitewww.jktenders.gov.inasperscheduleofdates given below:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1. | DateofIssueof TenderNotice | 02.03.2026 | | |
| 2. | PeriodofDownloadingofbidderdocuments. | From | 02.03.2026 | 04.00pm |
| 3. | BidsubmissionStartDate | From | 02.03.2026 | 04.00pm |
| 4. | BidSubmissionEndDate | To | 07.03.2026 | 04.00pm |
| 5 | Date&timeofopeningofBids(Online) | 09.03.2026at10.00A.M in the Office of the Executive Engineer R&B DivisionVailoo | | |

1. Bids must be accompanied with cost of tender document in shape of Treasury Challan / Receipt (Under MH- 0059 PWD in favor of Executive Engineer PWD (R&B) Division Vailoo(Tender inviting Authority) (NIT No. and Name of Work/Item No. to be mentioned on the Treasury Challan / Receipt ( If the Nit comprises of only one item, Name of work/Item No is not mandatory) (The Date of Treasury Challan should be between the date of Start of Bid and Bid Submission End Date) and EMD (2% of advertised Cost) in the shape of CDR/FDR pledged to ExecutiveEngineerPWD(R&B)Division Vailoo(Tender receiving Authority).(The Date of EMD{CDR/FDR} should be between the date of Start of Bid and Bid Submission End Date and the validity at the time of opening of bids shall be for a period of 45 days beyond bid validity of 120 days)
2. The Ist Lowest Bidder has to produce an amount equal to 5% of allotted cost as performance Security in the shape ofCDR/FDR within 07 days before fixation of contract and shall be released after successful completionof defectiveliabilityperiodofthework.
3. TheEMDof2%ofsuccessfulbiddersshallbereleasedafterreceiptof5%PerformanceSecurity.
4. Only those contractors are eligible for taking part in the bidding process whose contractor registration card is enrolled online on the JKPWDOMS portal and the Proof of that needs to be uploaded with this bid mandatorily.
5. The Advertised is cost is inclusive of GST@18%. The bidder has to quote the rate exclusive of GST.
6. SecurityDepositshall bedepositedbythecontractor within 10daysof issuanceofLOI,failingwhich theconcerned tender
7. The contractor shall initiate the work within 10 days of entering into the agreement, failing which the undersigned shallterminate the contract and issue a fresh tender after imposing penalties viz forfeit security/LD as per T&C of the Biddocumentandrecommendcontractorforblacklisting.
8. Theworkshallbecompletedbytheconcernedcontractorasperthetimelinestipulatedinthebiddocument/agreement,failingwhichaction hallbeinitiatedagainst contractorbyforfeiting EMDandshallbe recommended forblacklisting.
9. The date and time of opening of Bids shall be notified on Web Sitewww.jktenders.gov.inand conveyed to the bidders automaticallythrough an e-mail message on their e-mail address. The bids of Responsive biddersshall be opened online on same Web Site in theOfficeofExecutiveEngineerR&BDivisionvailoo (tenderreceivingauthority).
10. Thebidsfortheworkshallremainvalidforaperiodof120daysfromthedateofopeningofTechnicalbids
11. Theearnestmoneyshallbeforfeited,If:-
a. Anybidder/tendererwithdrawshisbid/tenderduringtheperiodofbidvalidityormakesanymodificationsinthetermsandconditionsofthebid.
b. FailureofSuccessfulbiddertofurnishtherequiredperformancesecuritywithinthespecifiedtimelimit.
c. FailureofSuccessfulbiddertoexecutetheagreementwithin28daysafterfixationofcontract.
22.0 AllothertermsconditionsareasperPWDForm25(DoubleagreementForm)

**Sd/-**
**ExecutiveEngineer**
**PWD(R&B)DivisionVailoo**

**DIPK No:-11506-25 Dated 3-3-3036**

GOVERNMENT OF (U.T) JAMMU & KASHMIR

## Office Of The Executive Engineer Jal Shakti (PHE)
## Deptt. Ground Water Division Srinagar

**Baghi-Ali-Mardan,NowsharaSrinagar.**

**E-mail:- suresh05.gupta@jk.gov.in Tel./FaxNo:-0194-2411285**

### Extension Notice 1st.

Subject: Construction of 200 mm dia DTH/ODEX production Bore Well required at Goat Farm Arin Dardpora Bandipora.
Reference: This office e-NIT No. 85-JS-PHE/GWDS/Mech. of 2024-25, issued vide endorsement No: JS-PHE/GWDS/25-26/Camp./ 19136-49, Dated: 20-02-2026. Bearing Tender ID No. 2026_PHE_304040_1.

Due to “No Response” for the above mentioned works advertised videe-NIT No. and Tender ID No’s under reference. Which was scheduled to be downloaded till 02-03-2026 Up-to 03:00 PM are extended as per the details given below: -

| S.No. | Item | Fresh Date |
|---|---|---|
| 1. | Period of submission of bids | 10-03-2026 Up-to 11:00 AM |
| 2. | Date of opening of tenders | 11-03-2026 10.00 AM |

NOTE:
All other terms and conditions shall remain same as laid down in the aforesaid e-NIT issued vide above referred endstt: nos.

**Sd/=**
**Executive Engineer**
**Jal Shakti (PHE) Deptt.**
**Ground Water Division Srinagar.**

**DIPK No:-11532-25 Dated 3-3-2026**

بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب

روزنامہ آفاق سرینگر

Daily AFAAQ Srinagar

بدھوار۴ مارچ ۲۰۲۶ء بمطابق ۱۴ رمضان المبارک ۱۴۴۷ھ

## (اقوال ذریں)

محبت سب سے کرو لیکن اس سے زیادہ کرو جس کے دل میں تمہارے لئے تم سے بھی زیادہ محبت ہو (حضرت علیؓ)

## ایران میں پھنسے کشمیری طلباء

ایران میں جاری کشیدہ صورتحال نے جہاں خطے کے امن کو ہلا کر رکھ دیا ہے، وہیں اس کا سب سے بڑا اثر وہاں موجود غیر ملکی شہریوں پر پڑا ہے۔ خاص طور پر کشمیری طلبہ جنہوں نے میڈیکل یا دیگر اعلیٰ تعلیم کے لئے ایران کا رخ کیا، آج شدید خوف اور غیر یقینی کی کیفیت سے گزر رہے ہیں۔ یہ معاملہ اب محض سفارتی نہیں رہا بلکہ ایک سنجیدہ انسانی مسئلہ بن چکا ہے جس پر فوری توجہ ناگزیر ہے۔

اُرمیا اور اس کے اطراف صورتِ حال خاص طور پر تشویش ناک ہے، جہاں طلبہ کے مطابق ان کے قریب موجود اسپتال کے آس پاس دو بڑے دھماکے ہوئے۔ یہ دھماکے، جو مبینہ طور پر اسرائیلی فضائی حملوں کے نتیجے میں ہوئے، نہ صرف مقامی آبادی بلکہ دور دراز ملکوں سے آئے طلبہ کے لئے بھی شدید خوف و ہراس کا باعث بنے۔ اُن طلبہ کی جانب سے بھیجے گئے ویڈیوز اور پیغامات میں ان کی کپکپاتی آوازیں، اضطراب اور بے بسی واضح طور پر محسوس کی جاسکتی ہے۔ یہ مناظر دل دہلا دینے والے ہیں اور دنیا کو یاد دلاتے ہیں کہ جنگ کا اصل شکار ہمیشہ بے گناہ انسان ہی ہوتے ہیں۔

اس نازک صورتحال میں حکومت ہند اور نئی دہلی میں واقع ایرانی سفارت خانہ صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔ حکومت نے پہلے ہی مختلف ممالک میں پھنسے ہوئے بھارتی شہریوں کے لئے ایئر لفٹ اور خصوصی پروازوں کے انتظامات شروع کر دیئے ہیں۔ تہران میں مقیم بھارتی سفارت خانے نے طلبہ کو نسبتاً محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے عمل کا آغاز کیا ہے۔ متعدد کشمیری طلبہ کو وہاں محفوظ رہائش گاہوں اور عمارتوں میں منتقل کیا گیا ہے تا کہ کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹا جاسکے۔ تاہم اُرمیا سمیت چند علاقوں میں زمینی صورتحال انتہائی خطرناک ہونے کی وجہ سے اب تک مکمل انخلا ممکن نہیں ہو پایا۔

یہ بات قابلِ تحسین ہے کہ بھارتی سفارت خانہ طلبہ سے مسلسل رابطے میں ہے، لیکن زمینی حقائق یہ بتاتے ہیں کہ ان طلبہ کی فوری اور محفوظ نقل و حمل کے لیے مسلسل بین الاقوامی کوششیں ضروری ہیں۔ جنگ زدہ علاقوں میں سفارتی عملہ بھی شدید خطرات کا سامنا کرتا ہے، جس کے باعث انخلا کی رفتار متاثر ہوتی ہے۔ امید کی جارہی ہے کہ جیسے ہی فضا نسبتاً محفوظ ہوگی، بقیہ کشمیری طلبہ کو بھی جلد از جلد محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا جائے گا۔ ساتھ ہی طلباء کے والدین پر بھی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ سرکار کی جانب سے جاری ایڈوائزری پر عمل کریں اور صرف سرکاری معلومات پر ہی انحصار کریں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارموں سے پھیلائی جانے والی افواہوں پر کان نہ دھریں۔ اُمید کی جارہی کہ ان طلباء کو آج دیر گئے ہی محفوظ مقامات پر منتقل کیا جائیگا۔

یہ صورتحال بڑا سوال بھی اٹھاتی ہے، کیا انسانی جانیں جنگی حکمت عملیوں سے زیادہ اہم نہیں؟ عالمی برادری، اقوامِ متحدہ اور علاقائی طاقتوں کو لازمی طور پر مداخلت کرتے ہوئے ایسے اقدامات کرنے چاہئیں جن سے عام شہریوں کی جانوں کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

## زندگی گذارنے کا طریقہ
## تبدیل کرنیکی ضرورت

سرور صدیقی

کیا آپ جانتے ہیں ڈرگ مافیا کیسے کام کرتا ہے؟ یہ بات سمجھنے، سمجھانے اور بتانے کی ہے ذرا غور کریں کرونا وائرس کے دوران ہسپتالوں کی او پی ڈی بند تھی، ایمرجنسی وارڈ میں کوئی رش نہیں تھا سوائے کرونا کے، مریضوں کے نئے مریض ہسپتال نہیں نہیں گئے کیا عجیب نہیں لگتا اس دوران شوگر، دیگر بیماریوں، دل کے دورے، بلڈ پریشر، فالج وغیرہ کے کیس اچانک کم ہوگئے اب ایسا کیا ہوگیا اتنا اچانک، امراض اس حد تک کم ہوگئے؟ یہاں تک کے اموات اور آخری رسومات بھی گھٹ گئیں؟ آپ اتفاق کریں نہ کریں مگر سوچ تو سکتے ہیں نا پھر سوچیں، سمجھیں اور سمجھائیں کہ کیا کرونا نے دوسری تمام بیماریوں پر قابو پالیا ہے یا ان بیماریوں کو تباہ کر دیا ہے؟ اس سوال کے جواب میں یقیناً آپ فوراً کہ اٹھیں گے نہیں، ہرگز نہیں؟

دراصل اب یہ حقیقت سامنے آنے لگی ہے کہ بیماریوں کو ڈرگ مافیا جان بوجھ کر خطرناک ثابت کرتا ہے اگر حقیقت یہ ہے کہ جب سے کارپوریٹ ہسپتال، ٹیسٹ لیبارٹریز وجود میں آئی ہیں یہ تباہی بڑھتی ہی چلی گئی لوگوں کو مختلف بیماریوں سے خوفزدہ کر کے زور دے کر ہزاروں روپے کے ٹیسٹ کرائے جا رہے تھے چاہے وہ درمیانی درجہ کی کھانسی، نزلہ، زکام ہی کیوں نہ ہو۔ چھوٹی اور معمولی بیماری پر آپریشن کر دیئے جاتے ہیں اور تھوڑی سی تکلیف میں جسمانی اعضاء نکال کر پھینک دیئے جاتے ہیں عام مریضوں کو بھی آئی سی یو میں رکھا جاتا اور ان کو خوف میں مبتلا کر کے ان کا علاج کیا جاتا تھا اس مافیا نے مال کمانے کے لئے ہر زچگی کا علاج بڑا آپریشن فرض کرلیا ہے صاف مطلب ہے اس سے انہیں بے تحاشہ مالی فوائد حاصل ہو رہے ہیں اور فارماسوٹیکلز کی ادویات دھڑا دھڑ فروخت ہو رہی ہیں بعض اوقات تو کئی ادویات بلیک میں بھی فروخت ہوتی ہیں جو ادویات اور انجیکشن مہنگے اور امپورٹڈ ہوں ان کے دو نمبر ہونے کا عذاب الگ ہے اب حقیقت سے پردہ اٹھ رہا ہے تو خوب جان لیجئے کہ یہی وقت سمجھنے کا ہے آپ خود کو اور آپکے پیاروں کو ڈرگ مافیا کے چنگل سے چھڑانے کا فیصلہ کریں اب ایک عام سی بیماری ہے ذیابیطس جسے حرفِ عام میں شوگر کہا جاتا ہے دراصل بہت سے امراض ہماری تن آسانی سے پھیل رہے ہیں وسائل کی فراوانی نے جہاں لوگوں کو آسودگی بخشی ہے وہاں صحت کے حوالہ سے بہت سے مسائل بھی پیدا کر دیئے ہیں سبزیوں کی بجائے گوشت کا بلادریغ استعمال، چہل قدمی اور ورزش نہ کرنا، محنت سے جی چرانا اکثریت کی زندگی کا لازمی جز بن گیا ہے یہی مسائل کی اصل جڑ ہے جس پر توجہ دینے کی بجائے ہم نے صحت کے حصول کے لئے ادویات کو شارٹ کٹ سمجھ لیا ہے حالانکہ معمول سے زیادہ ادویات کے استعمال سے بہت سے سائڈ افیکٹ کا سامنا کرنا پڑتا ہے یعنی ایک بیماری سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے مزید کئی بیماریاں چمٹ جانے کا نام سائڈ افیکٹ ہے اس میں اتائی ڈاکٹروں اور نیم حکیموں کا کردار بڑا گھناؤنا ہے چونکہ انہیں اکثر ادویات کے سائڈ افیکٹ کا کچھ علم نہیں ہوتا اس لئے وہ ہر سیاق وسباق کا خیال رکھے بغیر مریض کو ایسی ادویات کے استعمال کا مشورہ دیتے ہیں جس سے انہیں جلد آرام آجائے۔ بات ہو رہی تھی شوگر کے مرض کی تو دل و دماغ کی کھڑکیاں کھول کر جان لیجئے

ڈبلیو ایچ او کا سٹینڈرڈ ذیابیطس کا 200 ہے مگر ڈرگ مافیا 140 پر بضد ہے جس کی وجہ سے 80 فیصد لوگ ذیابیطس نہ ہونے کے باوجود میٹ فارمن کھانے پر مجبور ہیں جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس دوا کی ماہانہ سیل ایک ارب ہے اور اس کے کھانے سے بلڈ پریشر سانس معدہ دل کی تکالیف کولیسٹرول اور یورک ایسڈ کی ادویات عمر بھر کھانے کا راستہ کھل جاتا ہے حالانکہ یہ بیماریاں نہیں صرف لائف سٹائل بیماریاں ہیں۔ جی ہاں اپنا لائف سٹائل بدل لیں تو آپ ان کا بیماریوں اور خوف و ہراس پھیلانے والوں کا جنازہ نکال سکتے ہیں ورنہ یہ اور ڈرگ مافیا مل کر آپ کا جنازہ نکال دیں گے۔ 140 یا 200 ذیابیطس؟ کیا خطرناک ہے چلیں تجزیہ کریں کہ ہمارا جسم کون سے سٹینڈرڈ کی ڈیمانڈ کرتا ہے 140 ذیابیطس رکھنے والے مریض دو گھنٹے کے بعد شدید کمزوری کا شکار ہوجاتے ہیں جبکہ 200 ذیابیطس رکھنے والے 6 گھنٹے کام کر سکتے ہیں اگر 200 شوگر ہوجائے تو سے جسمانی دردیں اور پیشاب کی کثرت ہو تو یہ پروٹین کی کمی کی علامات ہیں لہذا اپنی غذا میں پروٹین لیں جبکہ ہمارے جسم کو پروٹین کی ضرورت ہے نہ کہ ادویات کی ایسے مریض ہر موسم میں پروٹین میں مچھلی کا استعمال کریں خیال رہے کہ مچھلی تلی ہوئی ہرگز نہ ہو یا بکرے کا گوشت 250 گرام (بالغ افراد کے لئے) یا چار سے پانچ انڈے صرف ابلے ہوئے کھائیں

بشرطِ انڈوں یا گوشت سے قبل آپ نے فروٹ اپنے وزن کے گرام استعمال کریں مثلاً اگر آپ 100 کلوگرام وزن رکھتے ہیں تو ایک صفر کا اضافہ کر کے اسکو گرام میں بدل لیں جو 1000 گرام ہوا 1000 گرام فروٹ کھائیں یا دو تین سبزیاں ملا کر سوپ بنائیں دن میں دو یا تین بار کھانے سے قبل استعمال کیا کریں بیماریاں اس لئے ہم پر حاوی ہوگئیں کہ ہم نیچر سے دور ہوگئے ہیں 500 گرام فروٹ ناشتہ کرنے سے قبل 500 گرام سبزیاں دوپہر کے کھانے سے قبل استعمال کرلیں یا دونوں وقت فروٹ استعمال کر سکتے ہیں اگر سبزیاں پسند نہ ہوں تو سلاد خوب استعمال کریں ماہرین غذا کہتے ہیں کہ فروٹ اور سبزیاں کھانے سے قبل ادویات کی طرح کام کرتیں ہیں اور کھانے کے بعد غذا کی طرح۔ یاد رکھیں آپکے بلڈ پریشر اور کولیسٹرول کا علاج بھی اسی مقدار میں فروٹ کے استعمال میں ہے گوشت نہ ہو تو بادام یا اخروٹ لے سکتے ہیں مگر مقدار انتہائی اہم ہے جو 100 گرام ہو اس مقدار کو دن میں دو یا تین بار کھا سکتے ہیں اس سے کم مقدار آپ کی پروٹین کی کمی دور نہیں کرسکتی یاد رکھیں اگر فروٹ وزن کے برابر استعمال نہ کیا تو پروٹین مسائل پیدا کرسکتی ہے اور اگر پروٹین کی پوری مقدار نہ لی تو فروٹ مسائل پیدا کر سکتے ہیں یقین کریں کے یہ شوگر، کولسٹرول، بلڈ پریشر تمام لائف سٹائل بیماریاں ہیں آپ اگر آج سے اپنا لائف سٹائل بدل لیتے ہیں تو ان امراض کی تمام ادویات آپ کو ایک ہفتہ کے اندر اللہ تبارک وتعالی کے فضل وکرم سے چھوٹ جائیں گی اگر ڈبلیو ایچ او کا سٹینڈرڈ 200 اپنا لیں تو ذیابیطس ٹائپ ٹو کا جنازہ نکل جائے جو 80 فیصد ہے یعنی 80 فیصد کو ذیابیطس ٹائپ ٹو ہے جو بیماری تھیں لائف سٹائل بیماری ہے باقی 20 فیصد ذیابیطس ٹائپ ون (جو بچپن میں ہوتی ہے) جو کہ انسولین کا استعمال کرتے ہیں وہ بھی لائف سٹائل بہتر کر کے اچھی صحت اور انسولین کم کر سکتے ہیں۔ اگر اپ اپنا لائف سٹائل نہیں بدلتے تو آپ کو ساری زندگی ذیابیطس کی ادویات کھانی پڑیں گی جو وقت کے ساتھ ساتھ آپ کے لئے نت نئے مسائل پیدا کرتی چلی جائے گی اس کے سائڈ افیکٹ تو یقینی ہے لیکن پھر کچھ عرصہ بعد اس کی ہیوی ڈوز استعمال کرنا پڑے گی۔ اب بات کرتے ہیں ایک اور بیماری جسے کولیسٹرول کہا جاتا ہے جو ہر عمر کے لوگوں کو لاحق ہے کہتے ہیں یہ عارضہ مرغن غذاؤں، غیر متناسب خوراک سے بھی لاحق ہوجاتا ہے کولیسٹرول کا ڈبلیو ایچ او کا سٹینڈرڈ 300 ہے (کیونکہ 25 پرسنٹ کولیسٹرول صرف انسانی دماغ استعمال کرتا ہے) مگر ڈرگ مافیا 240 رکھنے پر بضد ہے کولیسٹرول کا ہمارے جسم کے بنیادی کام کرنے میں بہت اہم رول ہے اس کی زیادتی (60 سال سے زیادہ کی عمر میں) دس فیصد دل کی بیماریوں کا باعث بن سکتی ہیں اور اس کی کمی نوے فیصد امراض کا ذریعہ بن سکتی ہیں جن میں سے اہم اعصابی کمزوری اور نفسیاتی بیماریاں ہیں یاد رکھیں دنیا میں کولیسٹرول کم کرنے کی کوئی دوائی نہیں ہے مارکیٹ میں موجود دوائی ہمارے چار قیمتی کیمیکل کو بلاک کرنے والی دوا ہے ان میں سے ایک کا نام Co,Q,10 ہے جو ہمارے دل اور دماغ کے لئے بہت اہم ہے اس کی کمی سے دل کی ادویات کا راستہ کھل جاتا ہے سادہ خوراک، پانی کے زیادہ استعمال اور روزانہ دودھ دہی سے کولیسٹرول کو کنٹرول کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اب بات کرتے ہیں یورک ایسڈ کی یہ ہمارے برین کیلئے ٹانک کا کام کرتا ہے اس کی کمی سے دماغ سست ہوجاتا ہے

اگر آپ کا یورک ایسڈ زیادہ ہے تو ادویات کی بجائے لائف سٹائل بدلیں اپنے وزن کے گرام کے فارمولے کے مطابق فروٹ اور دو تین سبزیوں کو ملا کر اس کا سوپ استعمال کیا سکتا ہے تو پھر آج سے اپنا خیال رکھنا شروع کر دیں اور دعا کریں خدائے بزرگ و برتر ہم سب کو اور ہماری اولاد کو ادویات ڈاکٹرز، ہاسپٹل، ایمرجنسز اور ٹیسٹوں سے بچا اور ہمارا روپیہ رسومات دکھاوا اور بے کار جگہ پر لگنے سے بچا اور اس کو اللہ کی رضا والے کاموں میں لگا ایک بات یاد رکھیں انسانیت کی خدمت میں دلی سکون کا راز پوشیدہ ہے غریبوں اور مستحقین پر خرچ کریں لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کریں ضرورت سے زیادہ روپیہ برے وقت کیلئے سنبھال کر رکھیں اور جس قدر ہو سکے ادویات سے دور رہیں کوالیفائڈ ڈاکٹر کی تجویز کردہ ادویات صرف اور صرف ضرورت کے وقت ہی کھائیں لوگوں کا اچھا سوچیں یاد رکھیں زیادہ ادویات کا استعمال مزید بیماریوں کو جنم دیتا ہے اور خواہ مخواہ بیماریوں کو دعوت نہ دیں ضروریات میں کمی کر کے ضرورت مندوں پر خرچ کر دیں اسی طرح آپ نہ صرف تندرست رہ سکتے ہیں بلکہ ڈرگ مافیا کو بھی ناکام بنایا جاسکتا ہے

## انشائیہ: حمایتی کی گھوڑی عراقی کے لات مارے

عبدالرشید خان
چھانہ پورہ سرینگر

داناؤں کا قول ہے کہ بڑے آدمی کے آگے سے اور گھوڑے کے پیچھے سے ہرگز نہیں گزرنا چاہیے، اسلئے کہ بڑے آدمی کو دوسرے لوگ ایک آنکھ نہیں بھاتے جبکہ گھوڑے کو اپنے پیچھے سے گزرنے والے کا خطرہ محسوس ہوتا ہے اور اسی لیے دیکھتے ہی لات مارتا ہے تا کہ خود اس کے شر سے محفوظ رہے۔ لیکن یہاں معاملہ الٹا ہے، حمایتی کی گھوڑی ہر وقت اس طاق میں رہتی ہے کہ کب اور کہاں دوسروں کو لات مار کر خود آگے بڑھے، اس گھوڑی کا ایک اور نام سفارش ہے اور اس کا چلن اسقدر عام ہو چکا ہے کہ اب یہ ہمارے سماج کی پہچان بن چکی ہے، یہاں ایک ایسا طبقہ وجود میں آچکا ہے جو اس حمایتی کی گھوڑی کے بغیر آگے بڑھنا تو دور سانس بھی نہیں لے سکتے ہیں، بچے کو سکول میں داخلہ دلوانا ہو تو اسی گھوڑی کی حمایت، داخلہ ملا تو پڑھائی میں آگے رکھنے کے لیے، نہ کہ رہنے کے لیے، اس کی ضرورت، استاد جو اب تک بلا کسی امتیاز بچوں کو یکساں طور پر تعلیم و تربیت دیتا تھا، جب سے یہ حمایتی کی گھوڑی بے لگام ہو چکی ہے، استاد نے بھی موقعہ غنیمت جان کر اس کی سواری کا مزہ لینا شروع کیا، وہ بھی آگے بڑھنا چاہتا ہے آخر اس کے بھی بال بچے اور کچھ ادھورے ارمان ہوتے ہیں جنہیں وہ اس گھوڑی کے زریعے پورا کرنا چاہتا ہے، پڑھائی ختم تو سرکاری نوکری، جو اب عنقا کے برابر ہے، اس کے لیے کئی گھوڑیوں کی دوڑ لگتی ہے، کچھ لوگ صرف حمایت یا سفارش کو آگے کرتے ہیں اور کچھ گھوڑی کو تیز دوڑانے کے لئے نقد رقم بھی پیش کرتے ہیں، اسلئے کہ money makes a mare go، وہ قابلیت اور صلاحیت جس کو کسی زمانے میں merit کہتے تھے اسکو بالائے طاق رکھ کر گھوڑی چاروں ٹانگوں سے لات مار کر دوسروں کو صدیوں تک سنبھلنے نہیں دیتی، نوکری مل گی تو میکے کے بغل میں posting تا کہ دوپہر کا کھانا اور ساس ماں کی غیبت کرنے کے لئے وہاں جاسکے، اسکے بعد out of turn promotion کے لئے حمایتی کی گھوڑی کی ضرورت، بھلا وہ eligibility اور کارکردگی کس نے دیکھی، ارے اس میں رکھا ہی کیا ہے، گھوڑی اسے ایک لات میں چت کر دیتی ہے،

غور طلب بات ہے کہ حمایتی گھوڑی اور رشوت دونوں ایک ہی سکے کے دو چہرے ہیں، فرق صرف اتنا کہ ایک میں بلواسطہ اور دوسرے میں بلا واسطہ رشوت دینا پڑتا ہے، ایک میں نقد و جنس دے کر حساب برابر کیا جاتا ہے اور دوسرے میں عمر بھر گھوڑی بن کر رہنا پڑتا ہے، اس حمایتی کی گھوڑی نے ہمارے پورے نظام حیات کو بگاڑ دیا ہے، آپ کہیں بھی جاو، جب تک نہ آپ کے پاس حمایتی کی گھوڑی نہ ہو، کوئی کام نہیں ہوسکتا، کسی بھی دفتر میں جائے، کوئی آپ کی نہیں سنے گا، آپکے ہاں بجلی کا استعمال کیے بغیر ہزاروں کا بل آیا ہو، آپ لاکھ جتن کریں' حضور یہ غلط بل ہے، ہم روز اندھیرے میں کھانا کھا کر سرشام سوجاتے ہیں، کوئی نہیں ماننے والا، اور جوں ہی حمایتی کی گھوڑی آپ کی طرف قدم بڑھاتی ہے، کام فوراً ہو جاتا ہے وہ دفتری طوالت بھی ختم اور بجلی کا بل بھی معاف۔ یہ حمایتی کی گھوڑی جو عراقی کے لات مارتی ہے، اتنی خوبصورت کہ اس نے زندگی کے ہر شعبے سے وابستہ لوگوں کو اپنا دیوانہ بنایا ہے سرکاری ہسپتالوں میں تو بہر حال دوسرے محکموں کی طرح یہ گھوڑی پہلے سے گھس چکی تھی لیکن اب تو یہ ہمارے ڈاکٹر صاحبان کے نجی کلینکس میں بھی داخل ہوچکی ہے، چالیس بیمار کچھ اپنی بیماری اور کچھ ملاوٹی دوائیوں کا رونا روتے ہوئے اپنی باری کا انتظار کر رہے ہیں کہ اچانک ایک آدمی آتے ہی کسی اور سے ڈاکٹر صاحب کو فون کراتا ہے اور سب کو دیکھتا چھوڑ کر اندر چلا جاتا ہے، دوسرے بیمار اور تیماردار پریشان کہ صاحب ہم نے تو دو مہینے پہلے نمبر بک کر کے فیس بھی وقت پر ادا کی ہے تو بھلا یہ کیا ماجرا کہ آتے ہی اندر چلا گیا، ارے صاحب یہی تو حمایتی کی گھوڑی ہے جو عراقی کو چھوڑ کر سب کو لات مار کر چلی جاتی ہے۔

دیکھا جائے تو یہ حمایتی کی گھوڑی حق تلفی اور ظلم کا ذریعہ بن چکی ہے، رشوت لینا یا کسی کا حق مارنا تو ہماری نظروں میں غلط ہے لیکن سفارش کرا کے دوسروں کے حقوق پر شب خون مارنا لوگوں کے نزدیک گناہ نہیں بلکہ اثر ورسوخ کا "سہی استعمال" ہے حقیقت میں اس حمایتی کی گھوڑی نے حق تلفی، بددیانتی ظلم اور ناانصافی کو جنم دیا ہے، اسلئے کہ یہ گھوڑی ہر وقت غلط کام کروانے کے لیے ہی میدان میں اتر جاتی ہے، مانا کہ گاڑی چلانے کے دوران آپ اپنی driving licence گھر میں بھول گئے اور ٹریفک پولیس کے پکڑے جانے پر آپ کسی حمایتی گھوڑی کا سہارا لیتے ہیں، لیکن حد تو یہ کہ جو آدمی صرف گاڑی خرید کر اس میں سہی ڈھنگ سے بیٹھ بھی نہیں سکتا، اسکو بھی حمایتی کی گھوڑی کے سایے میں گاڑی چلانے کی اجازت مل جاتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ آئے روز سڑکوں پر کئی قیمتی جانیں تلف ہوجاتی ہیں اس حمایتی کی گھوڑی نے اس قدر ہمارے دل و دماغ مفلوج کیے ہیں کہ دنیاوی کام چھوڑ اب تو لوگ اللہ میاں کے گھر جانے کے لیے بھی اسی گھوڑی پر سوار ہوتے ہیں، یہ سوچے بغیر کہ کہیں میں نے کسی کا حق تو نہیں مارا کسی کی زمین وجایداد اپنے نام کرائی ہو یا دفنانے کے لیے لحد خریدنی، اسی گھوڑی کا سہارا لیا جاتا ہے اب تو اوپر والے کے ہاں بھی حمایتی ڈھونڈ نکالتے ہیں کئی درویش نما ٹھگ اور کہیں بددیانت پیر بابا، اور وہ لوگ بھی بڑے سیانے کہ اپنے آپ کو اللہ میاں کے نزدیک ثابت کرنے میں ماہر، اصلی حمایتی اور سفارش کرنے والے کے احکامات سے کوسوں دور، اسے بھول کر دوسروں کی حمایت حاصل کرنے میں مگن۔

شامت اعمال دیکھے اب یہ حمایتی کی گھوڑی عراقی کے لات مارنے کے لیے بین الاقوامی سطح پر پہنچ گئی ہے اگر کہیں دو ملکوں کے درمیان فساد ہو تو تیسرا گھوڑی بن کر ان کے درمیان صلح کرنے کی کوشش کرتا ہے، (وہ اور بات ہے کہ اسے خاطر میں نہیں لایا جاتا) اور اگر اللہ نہ کرے اس میں کامیاب ہوگیا تو اسکے لئے بڑی قیمت چکانی پڑتی ہے، کہیں عزت و آبرو اور کہیں قومی وقار داؤ پر لگانا پڑتا ہے، دیکھا جائے تو یہ حمایتی کی گھوڑی گھاس چرنے کے بجائے ہماری سماجی اور معاشرتی اقدار کو دیمک کی طرح دن رات چاٹ رہی ہے اور ہم خواب غفلت میں پڑے ہوئے ہیں، یہ بڑی خطرناک ہے اس کیلیے کبھی ننگ و ناموس بھی داؤ پر لگ جاتی ہے اصل میں یہ غلامی کی علامت ہی نہیں بلکہ دین ہے آدمی سر اٹھا کر چل نہیں سکتا عمر بھر احساس کمتری کا شکار رہتا ہے، ہر وقت اس ڈر میں مبتلا کہ کہیں حمایتی کی گھوڑی بے لگام ہو کر عراقی کے بجائے مجھے ہی لات نہ مارے، اسلیے بہتر ہے کہ اس گھوڑی سے دور رہ کر منزل کی طرف خود اپنی ٹانگوں کے سہارے چلا جائے۔

# جنوبی افریقہ تاریخ بدلنے کے لئے پرعزم، پہلے سیمی فائنل میں آج نیوزی لینڈ سے ٹکرائے گی




کولکتہ، 3 مارچ (یو این آئی) آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 کا پہلا سیمی فائنل کل بدھ کو کولکتہ کے تاریخی ایڈن گارڈنز میں کھیلا جائے گا، جہاں جنوبی افریقہ اور نیوزی لینڈ کی ٹیمیں فائنل میں جگہ بنانے کے لیے ایک دوسرے کے مدمقابل ہوں گی۔ ہندوستانی وقت کے مطابق یہ میچ شام 7 بجے شروع ہوگا۔ یہ مقابلہ دو مختلف فلسفوں کی جنگ ہے۔ جنوبی افریقہ اپنی "چوکرز" کی چھاپ مٹانے کی کوشش کرے گا، جبکہ نیوزی لینڈ اپنی اس شناخت کو مزید مضبوط کرنا چاہے گا کہ وہ آئی سی سی کے بڑے ٹورنامنٹس کی سب سے مستقل مزاج ٹیم ہے۔ جنوبی افریقہ کے لیے یہ سیمی فائنل محض ایک میچ نہیں بلکہ اپنی تاریخ بدلنے کا ایک سنہری موقع ہے۔ ٹورنامنٹ کے دوران پروٹیز نے بہترین نظم وضبط اور نپی تلی جارحانہ حکمت عملی کا مظاہرہ کیا ہے۔ ان کی تیز بالنگ اور ٹاپ آرڈر بلے بازوں کی کارکردگی نے انہیں اس مقام تک پہنچایا ہے۔ تاہم، ماضی میں ناک آؤٹ مقابلوں میں دباؤ کا شکار ہونا جنوبی افریقہ کے لیے ہمیشہ ایک چیلنج رہا ہے، اور کل ان کے صبر وتحمل کا اصل امتحان ہوگا۔ دوسری جانب نیوزی لینڈ کی ٹیم اپنے روایتی پرسکون انداز اور بہترین گیم پلاننگ کے ساتھ میدان میں اترے گی۔ بلیک کیپس کی خاصیت یہ ہے کہ وہ بڑے مقابلوں میں دباؤ کو بخوبی جھیلنا جانتے ہیں۔ اگرچہ وہ ہمیشہ بہت زیادہ جارحانہ نظر نہیں آتے، لیکن ان کی فیلڈ پلیسمنٹ اور صورتحال کے مطابق بیٹنگ انہیں ایک خطرناک حریف بناتی ہے۔ ایڈن گارڈنز کی پچ روایتی طور پر بلے بازوں اور باؤلرز دونوں کے لیے سازگار سمجھی جاتی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ پاور پلے کے ابتدائی 6 اوورز اور میچ کے آخری لمحات میں اوس کا کردار انتہائی اہم ہوگا، جس کی وجہ سے ٹاس جیتنے والی ٹیم کے لیے فیصلے آسان ہو سکتے ہیں۔ پروٹیز فاسٹ بالرز لینتھ پر توجہ مرکوز رکھیں گے تاکہ کیوی بلے بازوں کو غلطیاں کرنے پر مجبور کرسکیں۔ بلیک کیپس کا انحصار اسٹرائیک روٹیٹ کرنے اور دباؤ کے لمحات میں اپنے اعصاب پر قابو رکھنے پر ہوگا۔ کولکتہ میں کل رات کا فیصلہ مارجن سے نہیں بلکہ ان چھوٹے چھوٹے لمحات سے ہوگا جو کسی ایک ٹیم کو عالمی کپ کے ٹائٹل کے ایک قدم اور قریب لے جائیں گے۔

## ہندوستان بمقابلہ انگلینڈ سیمی فائنل
## سنیل گواسکر نے بڑے معرکے کی پیش گوئی کر دی

ممبئی، 3 مارچ (یو این آئی) سابق ہندوستانی کپتان اور لیجنڈری بلے باز سنیل گواسکر کا ماننا ہے کہ آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 میں ہندوستان اور انگلینڈ کے درمیان ہونے والا سیمی فائنل انتہائی سنسنی خیز ہوگا۔ انہوں نے اس میچ کا موازنہ ایڈن گارڈنز میں ہندوستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ہونے والے حالیہ میچ سے کیا ہے۔ ایک تقریب کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گواسکر نے کہا "یہ ایک زبردست مقابلہ ہوگا کیونکہ دونوں ٹیموں میں مماثلت بہت زیادہ ہے۔ دونوں کے پاس بہترین بیٹنگ لائن اپ، مضبوط مڈل آرڈر اور شاندار فنشرز موجود ہیں۔ بالنگ میں بھی دونوں ٹیموں کے پاس کافی ورائٹی ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ انگلینڈ کے کھلاڑی آئی پی ایل کھیلنے کی وجہ سے ہندوستانی کنڈیشنز اور یہاں کے دباؤ سے بخوبی واقف ہیں، اس لیے یہ میچ آخری اوور تک جانے کی توقع ہے۔ ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ہندوستان کے سیمی فائنل ہارنے کے ریکارڈ (1987 اور 2016) پر بات کرتے ہوئے گواسکر نے کہا کہ اب اسکرپٹ بدلنے کا وقت ہے۔ انہوں نے مثال دی کہ " کل تک لوگ کہہ رہے تھے کہ ویسٹ انڈیز ایڈن گارڈنز میں کبھی ناک آؤٹ میچ نہیں ہاری، لیکن ہندوستان نے وہ ریکارڈ توڑ دیا۔ یہ ایک نیا دور اور نئی ٹیم ہے، مجھے یقین ہے کہ یہ ٹیم وانکھیڑے میں تاریخ بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔" ورلڈ کپ میں فارم کے لیے جدوجہد کرنے والے نوجوان بلے باز ابھیشیک شرما کو مشورہ دیتے ہوئے گواسکر نے کہا" میرا مشورہ یہ ہے کہ ہمیشہ 'چوتھے گیئر' میں بیٹنگ کرنے کی کوشش نہ کریں۔ پاور پلے کا فائدہ ضرور اٹھائیں، لیکن جیسے جیسے آپ وکٹ پر سیٹ ہوں، تب اپنی رفتار بڑھائیں۔ اپنی طاقت کے مطابق کھیلیں مگر ہر گیند پر جارحیت کے بجائے اننگز بنانے پر توجہ دیں۔

## موہن بگان نے اسٹیڈیم کی بندش کو'غیر منصفانہ 'قرار دے دیا

کولکتہ، 3 مارچ (یو این آئی) موہن بگان سپر جائنٹ نے آل انڈیا فٹبال فیڈریشن کی ڈسپلنری کمیٹی کے اس فیصلے پر سخت مایوسی اور ناراضگی کا اظہار کیا ہے، جس کے تحت 6 مارچ کو اوڈیشہ ایف سی کے خلاف ہونے والے گھریلو میچ کے لیے پورا اسٹیڈیم بند کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ یہ کارروائی چنئیین ایف سی کے خلاف حالیہ میچ کے دوران شائقین کے مبینہ غلط رویے کے باعث کی گئی ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' (ٹویٹر) پر جاری کردہ ایک بیان میں موہن بگان انتظامیہ نے کہا کہ انہوں نے خیرسگالی کے طور پر عائد کردہ مالی جرمانہ تو قبول کرلیا ہے، لیکن اسٹیڈیم کی مکمل بندش کا فیصلہ "حد سے زیادہ" اور شائقین کے ساتھ ناانصافی ہے۔ "ہم اے آئی ایف ایف کے اس فیصلے سے شدید مایوس ہیں۔ ہمارا ماننا ہے کہ اسٹیڈیم بند کرنے سے ہزاروں پرجوش اور قانون پسند شائقین کو غلط سزا مل رہی ہے، جو ہمارے کلب کی اصل روح ہیں۔

## آل انگلینڈ بیڈمنٹن: لکشیہ سین اور ساتوک چراغ ہندوستانی امیدوں کا محور






برمنگھم، 3 مارچ (یو این آئی) دنیا کے سب سے باوقار بیڈمنٹن ٹورنامنٹ 'آل انگلینڈ اوپن بیڈمنٹن چیمپئن شپ 2026' کا آغاز آج سے برطانیہ کے شہر برمنگھم میں ہو رہا ہے۔ اسٹار کھلاڑی پی وی سندھو کی غیر موجودگی میں اب تمام نظریں لکشیہ سین اور ساتوک سائی راج رنکی ریڈی و چراغ شیٹی کی جوڑی پر لگی ہوئی ہیں۔ ہندوستانی بیڈمنٹن اسٹار پی وی سندھو، جو دبئی کے راستے انگلینڈ جا رہی تھیں، مشرقِ وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال کے باعث سفری تعطل کا شکار ہو کر ایونٹ سے دستبردار ہوگئی ہیں۔ ان کی عدم موجودگی میں اب خواتین کے سنگلز مقابلوں میں ہندوستان کی ابھرتی ہوئی ٹیلنٹ اونتی ہڈا اور مالویکا بنسوڈ ہندوستانی چیلنج کی قیادت کریں گی۔ یاد رہے کہ اونتی ہڈا گزشتہ سال چائنا اوپن میں سندھو کو شکست دے کر سرخیوں میں آئی تھیں۔ عالمی نمبر 12 لکشیہ سین اس بار ہندوستان کے ٹاپ رینکڈ کھلاڑی کے طور پر میدان میں اتریں گے۔ 22 سالہ لکشیا کا اس ٹورنامنٹ میں ریکارڈ شاندار رہا ہے، وہ 2022 میں فائنل اور 2024 میں سیمی فائنل تک رسائی حاصل کر چکے ہیں۔ مردوں کے ڈبلز میں چوتھی رینکنگ کی حامل ساتوک سائی راج اور چراغ شیٹی کی جوڑی انڈیا اوپن کی مایوسی کو پیچھے چھوڑ کر دوبارہ فارم میں آنے کے لیے تیار ہے۔

## خلیجی خطے میں کشیدگی
## ، ویسٹ انڈیز کرکٹ ٹیم کی روانگی میں تاخیر

کولکتہ، 3 مارچ (ایجنسیز) آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 سے باہر ہونے کے بعد ویسٹ انڈیز کی سینئر کرکٹ ٹیم کی ہندوستان سے روانگی بین الاقوامی فضائی حدود کی بندش کے باعث تاخیر کا شکار ہوگئی ہے۔ کرکٹ ویسٹ انڈیز نے پیر کے روز جاری کردہ ایک باضابطہ بیان میں اس صورتحال کی تصدیق کی ہے۔ ویسٹ انڈیز کرکٹ بورڈ کے مطابق، خلیجی خطے میں جاری حالیہ فوجی کارروائیوں اور سیکیورٹی خطرات کی وجہ سے بین الاقوامی پروازوں کے روٹس شدید متاثر ہوئے ہیں۔ فضائی کمپنیوں نے مسافروں کی حفاظت کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی پروازیں منسوخ یا تبدیل کردی ہیں، جس کے نتیجے میں کیریبین ٹیم کی واپسی کا شیڈول متاثر ہوا ہے۔ ترجمان کرکٹ ویسٹ انڈیز نے واضح کیا کہ " کھلاڑیوں، کوچز اور آفیشلز کی حفاظت اور بہتری ہماری اولین ترجیح ہے۔ ٹیم اس وقت ہندوستان میں قیام پذیر ہے اور تمام ممبران مکمل طور پر محفوظ ہیں۔" بورڈ نے مزید کہا کہ وہ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی)، متعلقہ حکام اور ایئر لائن پارٹنرز کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے تاکہ اسکواڈ کی جلد اور محفوظ واپسی کے لیے متبادل سفری انتظامات کیے جاسکیں۔ واضح رہے کہ ویسٹ انڈیز کی ٹیم اتوار کو کولکتہ کے ایڈن گارڈنز میں کھیلے گئے سپر ایٹ مرحلے کے اپنے آخری میچ میں ہندوستان کے ہاتھوں 5 وکٹوں سے شکست کھا کر ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئی تھی۔

## آئی سی سی رینکنگ: اسمرتی مندھانا اور الانا کنگ دنیا کی نمبرون کھلاڑی بن گئیں






دبئی، 3 مارچ (ایجنسیز) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے منگل کے روز خواتین کی تازہ ترین ون ڈے رینکنگ جاری کر دی ہے، جس کے مطابق ہندوستان کی مایہ ناز اوپنر اسمرتی مندھانا بلے بازی اور آسٹریلیا کی الانا کنگ بالنگ کے شعبے میں دنیا کی نمبرون کھلاڑی بن گئی ہیں۔ ہندوستانی اسٹار اسمرتی مندھانا نے جنوبی افریقہ کی لورا ولوارٹ کو پیچھے چھوڑتے ہوئے دوبارہ پہلی پوزیشن حاصل کر لی ہے۔ مندھانا نے گزشتہ ہفتے 58 اور 31 رنز کی اننگز کھیل کر 790 ریٹنگ پوائنٹس حاصل کیے۔ ہندوستانی کپتان ہرمن پریت کور بھی چار درجے ترقی کے بعد ٹاپ 10 میں واپس آ گئی ہیں اور اب وہ نویں نمبر پر براجمان ہیں۔ آسٹریلیا کی لیگ اسپنر الانا کنگ نے انگلینڈ کی سوفی ایکلسٹن کی تقریباً چار سالہ برتری کا خاتمہ کردیا ہے۔ کنگ نے 775 ریٹنگ پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ انہوں نے گزشتہ ہفتے 16.71 کی اوسط سے 7 وکٹیں حاصل کیں، جس میں ان کے کیریئر کی بہترین بالنگ (4/33) بھی شامل ہے۔ ٹاپ 8 بالرز میں الانا کنگ کے علاوہ مزید چار آسٹریلوی باؤلرز (ایشلے گارڈنر، اینابیل سدرلینڈ، میگن شٹ اور کم گارتھ) شامل ہیں۔ آسٹریلیا کی ایشلے گارڈنر 516 پوائنٹس کے ساتھ بدستور پہلے نمبر پر ہیں۔ ویسٹ انڈیز کی ہیلی میتھیوز دوسرے اور اینابیل سدرلینڈ دو درجے ترقی کے ساتھ تیسرے نمبر پر آ گئی ہیں۔

## ڈیجیٹل انقلاب سے اسٹیڈیم تک، ٹی 20 ورلڈ کپ کا عالمی رنگ، نئی تاریخ رقم کرنے کو تیار




کولمبو، 3 مارچ (یو این آئی) کرکٹ کی دنیا میں ایک نئی تاریخ رقم ہو رہی ہے ! آئی سی سی مینز ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 نہ صرف میدان میں ہونے والے مقابلوں کی وجہ سے بلکہ ڈیجیٹل دنیا میں اپنی بے مثال رسائی کے باعث بھی ایک عالمی انقلاب بن کر ابھرا ہے۔ کرکٹ اب صرف روایتی ملکوں تک محدود نہیں رہی، بلکہ ٹیکنالوجی اور سوشل میڈیا کے امتزاج نے اسے براعظموں کی حدود سے آزاد کر کے ہر انسان کی جیب تک پہنچا دیا ہے۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے مطابق جاری ورلڈ کپ ڈیجیٹل رسائی کے تمام سابقہ ریکارڈ توڑ کر تاریخ کا سب سے بڑا ایونٹ بن گیا ہے۔ ICC.tv نے سپر 8 مرحلے کے دوران بیک وقت سب سے زیادہ ناظرین کا نیا ریکارڈ قائم کیا ہے، جو 2024 کے ورلڈ کپ فائنل سے بھی کہیں زیادہ ہے۔ سوشل میڈیا پر ویڈیو ویوز کی تعداد 10 ارب سے تجاوز کر چکی ہے، جس کے 16 ارب تک پہنچنے کی توقع ہے۔ آئی سی سی نے اس بار اردو، نیپالی، جاپانی اور انڈونیشیائی سمیت کئی مقامی زبانوں میں نشریات فراہم کی ہیں، جس کی وجہ سے مجموعی پلے ٹائم کا نصف حصہ غیر انگریزی فیڈز پر مشتمل رہا۔ شائقین اب پہلے سے زیادہ وقت تک میچز دیکھ رہے ہیں۔ اوسطاً ایک صارف 58 منٹ تک لائیو سٹریمنگ سے جڑا رہتا ہے، جو پچھلے ٹورنامنٹ کے مقابلے میں نمایاں اضافہ ہے۔ 2024 کے مقابلے میں منفرد صارفین کی تعداد میں 28 فیصد جبکہ مجموعی پلے ٹائم میں 56 فیصد ریکارڈ اضافہ دیکھا گیا ہے۔ جرمنی میں صارفین کی تعداد میں 150 فیصد اور اٹلی میں 136 فیصد کا حیران کن اضافہ ہوا ہے، جو یورپی ممالک میں کرکٹ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کا ثبوت ہے۔ جاپان اور جنوبی کوریا میں بھی ویوز اور صارفین کی تعداد 100 فیصد سے زائد بڑھ گئی یہ اعداد وشمار آئی سی سی کے اس مشن کی کامیابی کو ظاہر کرتے ہیں جس کا مقصد کرکٹ کو دنیا کے کونے کونے تک پہنچانا اور اسے صحیح معنوں میں ایک عالمی کھیل بنانا ہے۔

## روی شاستری اور رکی پونٹنگ ابھیشیک شرما کی حمایت میں میدان میں آ گئے



ممبئی، 3 مارچ (یو این آئی) آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 میں اب تک آؤٹ آف فارم رہنے کے باوجود، سابق ہندوستانی ہیڈ کوچ روی شاستری اور آسٹریلوی لیجنڈ رکی پونٹنگ نے نوجوان اوپنر ابھیشیک شرما پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ دونوں سابق کرکٹرز کا ماننا ہے کہ انگلینڈ کے خلاف اہم سیمی فائنل میں ابھیشیک میچ ونر ثابت ہو سکتے ہیں۔ 'آئی سی سی ریویو میں گفتگو کرتے ہوئے روی شاستری نے کہا کہ ابھیشیک کو ڈراپ کرنے سے پہلے ان کی ذہنی حالت کو دیکھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا اگر ٹیم مینجمنٹ کو لگتا ہے کہ ابھیشیک ذہنی طور پر دباؤ کا شکار ہیں، تبھی کسی تبدیلی کا سوچنا چاہیے۔ میں اب بھی ان کے ساتھ جانا چاہوں گا کیونکہ انگلینڈ کے خلاف ان کا ریکارڈ شاندار رہا ہے۔ واضح رہے کہ ابھیشیک شرما نے اس ٹورنامنٹ کے 6 میچوں میں صرف 80 رنز بنائے ہیں، لیکن شاستری نے یاد دلایا کہ اسی وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ابھیشیک نے انگلینڈ کے خلاف محض 54 گیندوں پر 135 رنز کی طوفانی اننگز کھیلی تھی۔ رکی پونٹنگ، جنہوں نے ٹورنامنٹ سے قبل ابھیشیک کو بہترین کھلاڑی قرار دیا تھا، اب بھی اپنے مؤقف پر قائم ہیں۔ انہوں نے کہا میں روی (شاستری) سے اتفاق کرتا ہوں، ہمیں ابھیشیک پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ وہ ایک خالص میچ ونر ہیں۔ کبھی کبھی جب آپ برے فارم سے گزر رہے ہوں، تو نیٹ پر گھنٹوں پریکٹس کرنے کے بجائے کٹ بیگ بند کر کے دو دن کا آرام کرنا بہتر ہوتا ہے تاکہ آپ ذہنی طور پر تازہ دم ہوسکیں۔ شاستری نے واضح کیا کہ اگر ابھیشیک کو آرام دیا جاتا ہے، تو صرف اس صورت میں ایشان کشن (جنہوں نے ٹورنامنٹ میں 224 رنز بنائے ہیں) کو اوپننگ پر لایا جاسکتا ہے اور نچلے نمبروں پر رنکو سنگھ کو شامل کیا جا سکتا ہے۔ تاہم، انہوں نے زور دیا کہ ہندوستانی بیٹنگ لائن اپ میں اتنی طاقت موجود ہے کہ ابھیشیک کو ایک اور موقع دیا جا سکے۔

## قطر کا تمام میچز معطل کرنے کا اعلان، فائنل یسیما التواء کا شکار، میسی اور لامین یامال کا ٹکراؤ مؤخر

دوحہ، 3 مارچ (آفاق نیوز ڈیسک) قطر فٹبال ایسوسی ایشن نے خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور غیر یقینی صورتحال کے پیشِ نظر ملک میں ہونے والے تمام فٹبال ٹورنامنٹس اور میچز کو اگلے حکم تک معطل کرنے کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ جس کے باعث ارجنٹائن کے لیجنڈری فٹبالر لیونل میسی کی قطر واپسی بھی ممکن نہ رہی جہاں انہوں نے 2022 میں ورلڈ کپ کی ٹرافی اٹھائی تھی۔ لیونل میسی کو رواں ماہ قطر فٹبال فیسٹیول کے دوران 'فائنل یسیما' کے بڑے معرکے کے لیے دوحہ پہنچنا تھا۔ یہ میچ جنوبی امریکہ کے چیمپئن (ارجنٹائن) اور یورپ کے چیمپئن (اسپین) کے درمیان کھیلا جانا تھا، جسے دنیا بھر کے شائقین "مشعل کی منتقلی" کے طور پر دیکھ رہے تھے کیونکہ اس میں میسی کا مقابلہ اسپین کے ابھرتے ہوئے نوجوان اسٹار لامین یامال سے ہونا تھا۔ ایسوسی ایشن نے سوشل میڈیا پر جاری کردہ بیان میں کہا" قطر فٹبال ایسوسی ایشن آج سے تمام ٹورنامنٹس اور مقابلوں کو ملتوی کرنے کا اعلان کرتی ہے۔ مقابلوں کی بحالی کی نئی تاریخوں کا اعلان مناسب وقت پر سرکاری ذرائع سے کیا جائے گا۔ اس فیسٹیول میں میسی کے علاوہ مصر کے محمد صلاح، سربیا کے الیگزینڈر میتروویچ اور سعودی عرب کی ٹیم نے بھی شرکت کرنی تھی۔ اس کے علاوہ ایشین فٹبال کنفیڈریشن (اے ایف سی) نے بھی خطے میں کشیدگی کے باعث کلب چیمپئن شپ کے پلے آف میچز ملتوی کر دیے ہیں۔ کرسٹیانو رونالڈو کا سعودی کلب 'النصر' بھی ان مقابلوں کا حصہ تھا، جسے دبئی میں 'الوصل' کے خلاف میدان میں اترنا تھا، تاہم اب تمام ایشیائی مقابلوں کا شیڈول بھی تعطل کا شکار ہو گیا ہے۔ اب یہ یوئیفا اور کونمیبول پر منحصر ہوگا کہ وہ قطری حکام کے ساتھ مل کر اس ہائی پروفائل میچ کے لیے نئی تاریخوں کا تعین کب کرتے ہیں۔

## فجیرہ چیلنجر ٹورٹینس ٹورنامنٹ
## سیکورٹی خدشات کے باعث معطل

فجیرہ، 3 مارچ (یو این آئی) متحدہ عرب امارات کی ریاست فجیرہ میں جاری 'اے ٹی پی چیلنجر ٹور' کو منگل کے روز سیکورٹی الرٹ کے بعد فوری طور پر معطل کر دیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ خطے میں جاری کشیدگی اور سیکورٹی خدشات کے پیشِ نظر لیا گیا ہے۔ منگل کے روز کوالیفائنگ راؤنڈ کے اہم مقابلے شیڈول تھے، تاہم کھیل کو درمیان میں ہی روک دیا گیا۔ منتظمین کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق کھلاڑیوں، آفیشلز اور تماشائیوں کو فوری طور پر ٹینس کورٹ خالی کرنے کے لیے کہا گیا۔ فجیرہ ٹینس اینڈ کنٹری کلب میں منعقد ہونے والا یہ پہلا اے ٹی پی ٹورنامنٹ تھا، جو خطے میں ٹینس کے فروغ کے لیے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ دو ہفتوں پر محیط اس 'اے ٹی پی چیلنجر 50' ٹورنامنٹ کا مقصد ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کو عالمی رینکنگ میں بہتری لانے اور اے ٹی پی ٹور تک رسائی کا موقع فراہم کرنا تھا۔ اے ٹی پی کی انتظامیہ مقامی منتظمین کے ساتھ مل کر صورتحال کا باریک بینی سے جائزہ لے رہی ہے۔ ٹورنامنٹ کے دوبارہ آغاز یا مستقبل سے متعلق کوئی بھی حتمی فیصلہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ اس ٹورنامنٹ میں 32 کھلاڑیوں کا مین ڈرا، 24 کھلاڑیوں کا کوالیفائنگ ڈرا اور 16 جوڑیوں پر مشتمل ڈبلز ڈرا شامل تھا۔

## ہاکی ورلڈ کپ کوالیفائر: پاکستان کی ملائیشیا پر شاندار فتح، سیمی فائنل میں رسائی




اسماعیلیہ (مصر)، 3 مارچ (یو این آئی) پاکستان کی ہاکی ٹیم نے ایف آئی ایچ مینز ورلڈ کپ کوالیفائر میں اپنی فتوحات کا سلسلہ برقرار رکھتے ہوئے ملائیشیا کو شکست دے دی ہے۔ ایک انتہائی سنسنی خیز اور برق رفتار مقابلے کے بعد پاکستان نے ملائیشیا کو 3 کے مقابلے میں 5 گول سے دھول چٹا کر ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا ہے۔ اس فتح کے ساتھ ہی پاکستان کی ورلڈ کپ تک رسائی کی امیدیں مزید روشن ہوگئی ہیں۔ سویز کینال اتھارٹی (ایس سی اے) ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے اس میچ کا آغاز انتہائی سنسنی خیز رہا۔ پاکستان نے میچ کے آغاز سے ہی جارحانہ حکمتِ عملی اپنائی اور ملائیشیا کے دفاعی حصار کو بار بار توڑنے میں کامیاب رہا۔ پاکستانی ٹیم کی جانب سے پانچ مختلف کھلاڑیوں نے گول اسکور کر کے ٹیم ورک کی بہترین مثال قائم کی۔ رانا وحید اشرف، زکریا حیات، احمد ندیم، سفیان خان اور محمد عمار نے ایک ایک گول کر کے ٹیم کی برتری مستحکم کی۔ دوسری جانب ملائیشیا کی ٹیم نے بھی بھرپور مزاحمت کی اور عبدالرؤف، احکم اللہ اور فطری ساری نے ایک ایک گول اسکور کیا، تاہم وہ پاکستان کی برتری ختم کرنے میں ناکام رہے۔ پاکستان اپنا اگلا اور آخری گروپ میچ آسٹریا کے خلاف کھیلے گا، جس کے بعد سیمی فائنل میں حریف ٹیم کا فیصلہ ہوگا۔

DailyAfaaqKashmir
Wednesday 04 March 2026
آفاق
بین الاقوامی خبریں
بدھوار ۴ مارچ ۲۰۲۶ء
بمطابق ۱۴ رمضان المبارک ۱۴۴۷ ھ

# ریاض میں امریکی سفارتخانے پر ایرانی ڈرون حملہ، تہران اور تل ابیب میں شدید بمباری جاری

## ایران اور لبنان میں مجموعی اموات کی تعداد 800 سے تجاوز کر گئیں

تہران/ریاض/تل ابیب/(آفاق نیوز ڈیسک) ایران اور امریکا و اسرائیل کے درمیان جاری کشیدگی شدت اختیار کر گئی ہے۔ سعودی حکام کے مطابق ریاض میں قائم امریکی سفارتخانے پر دو ڈرون حملے کیے گئے، جس کے نتیجے میں محدود آگ لگی اور معمولی نقصان ہوا۔ ادھر ایرانی پاسدارانِ انقلاب نے اعلان کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کو بند کر دیا گیا ہے اور خبردار کیا ہے کہ اس آبی گزرگاہ سے گزرنے والے کسی بھی جہاز کو نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔



آبنائے ہرمز سے دنیا کی تقریباً پانچواں حصہ تیل کی ترسیل ہوتی ہے۔ اسرائیلی افواج نے تہران اور بیروت پر حملے جاری رکھے ہوئے ہیں، جن میں ایرانی سرکاری نشریاتی ادارے کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ ایران اور لبنان میں مجموعی اموات کی تعداد 800 سے تجاوز کر چکی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف فوجی مہم تقریباً چار ہفتے جاری رہ سکتی ہے اور واشنگٹن تہران کے میزائل اور جوہری پروگرام کو تباہ کرنے کے لیے ہر ممکن اقدام کرے گا۔ ایران نے خلیجی ممالک میں توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو بھی نشانہ بنایا ہے، جس کے بعد عالمی منڈی میں تیل اور گیس کی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ ہوا۔ قطر کی سرکاری پیٹرولیم کمپنی قطر انرجی نے اپنی دو تنصیبات پر حملوں کے بعد ایل این جی کی پیداوار عارضی طور پر معطل کر دی ہے۔ ایران کی جانب سے اسرائیل کے مختلف علاقوں پر بھی حملے جاری ہیں۔ اسرائیلی فوج کے مطابق مغربی یروشلم، تل ابیب اور ایلات کے اوپر میزائل روک لیے گئے، تاہم ہفتے سے اب تک اسرائیل میں کم از کم 10 افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ خطے میں بگڑتی صورتحال کے باعث عالمی سطح پر شدید تشویش پائی جا رہی ہے اور سفارتی کوششیں تیز کرنے کی اپیل کی جا رہی ہے۔ مشرق وسطیٰ میں بڑھتی کشیدگی کے باعث امریکا اور کینیڈا نے اپنے متعدد سفارتخانے عارضی طور پر بند کر دیے ہیں۔ کویت میں امریکی ایمبیسی نے اعلان کیا ہے کہ جاری علاقائی تناؤ کے پیش نظر سفارتی سرگرمیاں اگلے حکم تک معطل رہیں گی۔ سفارتخانے نے تمام معمول اور ہنگامی قونصلر اپائنٹمنٹس منسوخ کر دی ہیں۔ امریکی حکام کے مطابق حالیہ دنوں میں پیش آنے والے فوجی واقعات میں کویت میں چھ امریکی فوجی ہلاک ہوئے جبکہ تین امریکی لڑاکا طیارے تباہ ہوئے، جنہیں امریکی فوج نے بظاہر فرینڈلی فائر کا واقعہ قرار دیا ہے۔ دوسری جانب کینیڈا کی ریاض ایمبیسی نے بھی موجودہ سکیورٹی صورتحال کے باعث عارضی بندش کا اعلان کیا ہے اور 6 مارچ تک تمام ملاقاتیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ اسی طرح امریکی ایمبیسی عراق نے غیر ہنگامی امریکی سرکاری ملازمین کو ملک چھوڑنے کا حکم دیا ہے۔ بغداد میں موجود امریکی عملے کو سکیورٹی خدشات کے باعث بین الاقوامی ہوائی اڈے کے استعمال سے بھی روک دیا گیا ہے۔

## ٹرمپ نے ایران میں رجیم چینج کا پاگل پن ترک نہ کیا تو تیسری عالمی جنگ ہوگی: روس

### طاقت کا اندھا دھند استعمال ناقابل قبول، ایران کے خلاف فوجی آپریشن روکا جائے: چین



ماسکو، 3 مارچ (یو این آئی) روس کی سلامتی کونسل کے نائب سربراہ اور سابق صدر دیمتری میدودیف نے کہا ہے کہ اگر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران میں حکومت بدلنے کی کوشش کا پاگل پن والا راستہ ترک نہ کیا تو یقینی طور پر تیسری عالمی جنگ شروع ہو جائے گی۔ ایک انٹرویو میں دیمتری میدودیف نے کہا کہ ایران تو امریکہ اور اسرائیل کے حملے جھیل لے گا، لیکن حملہ کر کے امریکہ نے ایرانی قوم کو متحد کر دیا ہے، ایران دگنی توانائی سے کوشش کرے گا کہ وہ نیوکلیئر ہتھیار حاصل کرے۔ انہوں نے کہا کہ ایران جنگ سے امریکہ اور اسرائیل نے اپنے شہریوں کو زیادہ خطرے سے دوچار کر دیا ہے، یہ امریکہ اور اس کے اتحادیوں کی جنگ ہے تاکہ وہ عالمی طور پر غلبہ قائم رکھ سکیں۔ سابق روسی صدر نے مزید کہا کہ اگر ٹرمپ نے ایران میں حکومت بدلنے کی کوشش کا پاگل پن والا راستہ ترک نہ کیا تو یقینی طور پر تیسری عالمی جنگ شروع ہو جائے گی اور کوئی بھی بات اس کا نکتہ آغاز بن سکتی ہے۔ مزید براں میدودیف نے یورپی رہنماؤں کو انتہائی احمق قرار دیتے ہوئے کہا کہ امریکہ جانتا ہے روس سے نیوکلیئر تنازع کی قیمت کیا ادا کرنا پڑے گی، نیوکلیئر تنازع ہوا تو ہیروشیما اور ناگاساکی پر نیوکلیئر بم حملے بچوں کا کھیل نظر آئیں گے۔ ادھر چین نے ایران میں جاری فوجی آپریشن کو فوری بند کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ ترجمان چینی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ چین کا مؤقف ہے ایران کے خلاف فوجی آپریشن فوری طور پر بند کیا جائے، چین اس سلسلے میں تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا، تعمیری کردار میں سلامتی کونسل میں انصاف کی بالادستی، امن کے لیے جدوجہد اور جنگ روکنا شامل ہے، چین کو جنگ کے پڑوسی ممالک تک پھیلنے پر گہری تشویش ہے۔

## ایران پر اگلا حملہ انتہائی خطرناک ہوگا: امریکی وزیر خارجہ

### ایران کی ایٹمی صلاحیت کو شدید نقصان پہنچایا ہے

واشنگٹن، 3 فروری (ایجنسیز) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے خبردار کیا ہے کہ ایران پر تباہ کن حملہ ہونا باقی ہے، اگلا حملہ انتہائی خطرناک ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایران کے خلاف حالیہ فوجی کارروائیوں اور مستقبل کے عزائم کے حوالے سے کہا ایران پر حالیہ حملہ عالمی تحفظ کے لیے کیا گیا ہے، امریکی کارروائیوں



نے ایران کی ایٹمی صلاحیت کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ امریکی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ امریکہ ایران کی جانب سے کسی حملے کا انتظار نہیں کر سکتا تھا، اس لیے اپنے دفاع میں یہ قدم اٹھایا گیا۔ مارکو روبیو نے خبردار کیا کہ ایران پر اصل تباہ کن حملہ ہونا ابھی باقی ہے اور اگلا حملہ انتہائی خطرناک ہوگا۔ وزیر خارجہ نے امریکی مشن کے بنیادی مقاصد کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہمارا مشن ایران کی بیلسٹک میزائل صلاحیت اور اس کی نیوی کو مکمل طور پر تباہ کرنا ہے، امریکہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ایران مستقبل میں دوبارہ کبھی بیلسٹک میزائل یا ایٹم بم نہ بنا سکے، ایران کے پاس میزائل یا ایٹمی طاقت ہونے کا مطلب پوری دنیا کو یرغمال بنانا ہے۔ مارکو روبیو نے ایرانی حکومت (رجیم) اور وہاں کے عوام کے درمیان فرق کو واضح کرتے ہوئے کہا موجودہ ایرانی رجیم عوام کی نمائندہ نہیں ہے۔

## فرانس نے جوہری ہتھیاروں کی تعداد بڑھانے کا اعلان کر دیا

### امریکی سکیورٹی ضمانتوں سے متعلق صورتحال غیر یقینی ہے

پیرس/۳ مارچ/(آفاق نیوز ڈیسک) فرانس نے اپنے جوہری ہتھیاروں کی تعداد بڑھانے کا اعلان کر دیا۔ فرانس کے صدر ایمانوئیل میکرون کا کہنا ہے کہ یورپی اتحادیوں کے لیے امریکی سکیورٹی ضمانتوں سے متعلق صورتحال غیر یقینی ہے، فرانس اس بے یقینی کے تناظر میں جوہری ہتھیاروں میں اضافہ کرے گا۔ دوسری جانب روسی صدر پیوتن نے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان سے ٹیلیفونک گفتگو کی جس میں انہوں نے مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ٹرمپ نے ایران میں رجیم چینج کا پاگل پن ترک نہ کیا تو تیسری عالمی جنگ ہوگی: روس ٹیلیفونک گفتگو میں سفارتی ذرائع سے مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورتحال کو بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ اس سے پہلے کریملن نے ایرانی قیادت کے ساتھ مسلسل رابطے کی تصدیق کی اور کہا امریکا اور اسرائیل ایران کے عرب پڑوسیوں کے ساتھ تعلقات معمول پر آنے کا عمل



خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ادھر جرمنی نے ایران کے خلاف فوجی کارروائی میں حصہ نہ لینے کا اعلان کیا اور جرمن وزیر خارجہ نے کہا حکومت کا اس تنازع میں شمولیت کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ اس کے علاوہ نیٹو نے بھی ایران جنگ میں شمولیت سے انکار کر دیا۔

## امریکہ کے پاس اسلحے کے وافر ذخائر، ہم بڑی فتح کے لیے تیار ہیں: ٹرمپ

واشنگٹن، 3 مارچ (یو این آئی) امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ کے پاس درمیانہ اور اعلیٰ درجے کے ہتھیاروں کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اسلحے کے ذخیرے کے معاملے میں امریکہ پہلے کبھی اتنا مضبوط نہیں رہا اور ملک کے پاس ہتھیاروں کی تقریباً لامحدود سپلائی ہے۔ صدر ٹرمپ نے منگل کو اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری بیان میں کہا کہ ان ذخائر کی مدد سے جنگ کو طویل عرصے تک "اور کامیابی کے ساتھ" لڑا جا سکتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ امریکی ہتھیار دیگر ممالک کے جدید ترین ہتھیاروں سے بھی بہتر ہیں۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ اگرچہ امریکہ کے پاس انتہائی جدید درجے کے ہتھیاروں کا خاطر خواہ ذخیرہ موجود ہے، تاہم وہ اس سطح تک نہیں پہنچا جہاں ہونا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ اضافی اعلیٰ معیار کے ہتھیار بیرونِ ملک محفوظ رکھے گئے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے سابق صدر جو بائڈن پر الزام عائد کیا کہ انہوں نے یوکرین کو سینکڑوں ارب ڈالر مالیت کے جدید ہتھیار اور وسائل فراہم کیے لیکن ان کی تلافی نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ اپنے پہلے دورِ صدارت میں انہوں نے امریکی فوج کی ازسرِنو تعمیر کی تھی۔

## جنوبی سوڈان میں نامعلوم حملہ آوروں نے 169 افراد کو ہلاک کر دیا

### ہلاک ہونے والوں میں 90 بچے، خواتین اور بزرگ شامل

خرطوم، 3 مارچ (یو این آئی) جنوبی سوڈان میں نامعلوم افراد کے ایک گروپ کے حملے میں سینئر حکام سمیت کم از کم 169 افراد ہلاک ہو گئے۔ بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق روینگ کے انتظامی علاقے کے وزیر اطلاعات جیمز مونیلوک میجوک نے کہا کہ یہ حملہ اتوار کو مسلح نوجوانوں نے کیا تھا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ وہ ہمسایہ یونٹی اسٹیٹ سے آئے تھے اور سوڈان پیپلز لبریشن آرمی-) 10 ایس پی ایل (IO- سے جڑے تھے۔ رپورٹ کے مطابق، ایس پی ایل IO- نے حملے میں ملوث ہونے سے انکار کیا ہے اور یونٹی اسٹیٹ حکام پر تشدد کو سیاسی رنگ دینے کا الزام لگایا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ امریکہ نے بارہا خبردار کیا ہے کہ سوڈان میں بڑے پیمانے پر خانہ جنگی کا خطرہ منڈرا رہا ہے۔ مسٹر میزوک نے کہا، "ہلاک ہونے والوں میں 90 بچے، خواتین اور بزرگ شامل ہیں۔ نیز حملے میں پولیس سمیت علاقائی فورسز کے 79 ارکان بھی مارے گئے۔" ان کا کہنا تھا کہ حملے میں 50 سے زائد افراد زخمی ہوئے ہیں۔ زخمیوں میں سے زیادہ تر کو علاج کے لیے ہمسایہ ابیئی انتظامی علاقے لے جایا گیا، جہاں ان کا علاج جاری ہے۔



## ایران شیطان سے لڑ رہا ہے

### یورپ جنگ میں شمولیت سے اجتناب کرے: ایرانی ترجمان

تہران، 3 مارچ (ایجنسیز) ایران نے ایک بار پھر مذاکرات سے انکار کر دیا ہے، ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے اسکول میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا حکومت کی توجہ ملک کے دفاع پر ہے۔ اسماعیل بقائی نے کہا وہ لوگ رسوا ہوں گے جنھوں نے مذاکرات کی آڑ میں حملہ کیا، ایران شیطان سے لڑ رہا ہے، صیہونی حکومت کبھی بھی شرانگیزی سے باز نہیں آتی۔ انہوں نے کہا عرب دوستوں سے کہتے ہیں احتیاط کریں، کیوں کہ صیہونی رجیم جنگ کا دائرہ وسیع کرنے اور دیگر ممالک تک پھیلانے میں نہیں ہچکچائے گی، یورپ بھی ایران کے خلاف جنگ میں شامل ہونے سے اجتناب کرے، ایران کے خلاف جنگ میں شمولیت کو جنگی اقدام تصور کیا جائے گا۔ ادھر سعودی عرب نے ریاض میں امریکی سفارت خانے پر ایرانی حملے کی مذمت کی ہے، سعودی وزارت خارجہ نے بیان میں کہا کہ مملکت اپنے مفادات کے دفاع کے لیے تمام اقدامات اٹھانے کا حق رکھتی ہے، یہ حملے بین الاقوامی قوانین کے خلاف ہیں۔ وزارت خارجہ نے کہا مملکت اس بات پر زور دیتی ہے کہ ایرانی حکام کو علم تھا کہ سعودی عرب اپنی فضائی حدود اور سرزمین کو ایران کو نشانہ بنانے کے لیے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دے گا، اس کے باوجود ایران نے جارحانہ رویہ اختیار کیا جو خطے کو مزید کشیدگی میں دھکیلے گا۔ قطری وزارت خارجہ کے ترجمان ماجد الانصاری نے بھی ایک بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ روز مار گرائے گئے ایرانی لڑاکا طیارے وارننگ کے باوجود قطری فضائی حدود کی خلاف ورزی کر رہے تھے، ان کا رخ براہِ راست دارالحکومت کی جانب تھا، جس پر فوری کارروائی کرتے ہوئے انھیں کامیابی سے تباہ کر دیا گیا۔



### کینیڈین حکومت کی اپنے شہریوں کو فوری طور پر یو اے ای چھوڑنے کی ہدایت

اوٹاوا، 3 مارچ (یو این آئی) کینیڈین حکومت نے اپنے شہریوں کو فوری طور پر متحدہ عرب امارات چھوڑنے کی ہدایات جاری کر دیں۔ کینیڈین حکام کا جاری ہدایت نامے میں کہنا ہے کہ عرب امارات میں موجود کینیڈین شہری حکومت کی خصوصی پروازوں کا انتظار نہ کریں۔ کینیڈین حکومت کی اپنے شہریوں کو فوری طور پر یو اے ای چھوڑنے کی ہدایت حکام نے کینیڈین عوام کو مشورہ دیا ہے کہ وہ زمینی راستے سے سعودی عرب یا سلطنت عمان (مسقط) پہنچیں۔ کینیڈین حکام نے کہا کہ کسی بھی وقت میزائل یا ڈرون حملے کا خدشہ ہے، سیکیورٹی صورت حال اچانک مزید بگڑ سکتی ہے، شہری فوجی تنصیبات اور حساس مقامات سے دور رہیں۔

### ایران نے لمبی جنگ کی تیاری کر رکھی ہے، علی لاریجانی

تہران، 3 مارچ (یو این آئی) سیکریٹری جنرل ایرانی نیشنل سیکیورٹی کونسل علی لاریجانی کا کہنا ہے کہ ایران نے لمبی جنگ کی تیاری کر رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنی 6 ہزار سالہ تہذیب کا دفاع کریں گے، قیمت کچھ بھی ہو۔ علی لاریجانی نے کہا کہ دشمن کو اندازے لگانے کی غلطی پر پچھتانا ہوگا۔

## امریکہ نے ایران پر حملہ اس لیے کیا کہ اسے معلوم تھا

### اسرائیل ایران پر حملہ کریگا: مارکو روبیو

واشنگٹن، 3 مارچ (یو این آئی) امریکی وزیرِ خارجہ مارکو روبیو نے انکشاف کیا ہے کہ ایران پر امریکی حملے کے وقت کا تعین اسرائیل کی متوقع کارروائی کو مدِنظر رکھ کر کیا گیا۔ مارکو روبیو نے کانگریس رہنماؤں کو بریفنگ کے بعد میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا کہ امریکہ نے ایران پر حملہ اس لیے کیا کیونکہ اسے معلوم تھا کہ اسرائیل ایران پر حملہ کرے گا۔ امریکی وزیر خارجہ نے کہا کہ اگر امریکہ پہلے حملہ نہ کرتا تو امریکی فوج کو زیادہ جانی نقصان اٹھانا پڑتا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کو پہلے سے معلوم تھا کہ اسرائیل ایران پر حملہ کرنے والا ہے جس کے بعد ایران امریکی مفادات کو نشانہ بنا سکتا تھا، اسی خطرے کے پیشِ نظر امریکا نے پیشگی کارروائی کی۔ مارکو روبیو کا مزید کہنا ہے کہ امریکہ کا مقصد ایران کے میزائل اور ڈرون پروگرام کو تباہ کرنا ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ امریکہ چاہتا ہے کہ ایرانی عوام موجودہ حکومت کا خاتمہ کر کے نیا سیاسی نظام قائم کریں۔ دوسری جانب امریکی فوج نے تصدیق کی ہے کہ ایران نے خطے میں امریکی اڈوں اور تنصیبات پر ڈرون اور میزائل حملے کیے ہیں جن کے نتیجے میں ہلاک ہونے والے امریکی اہلکاروں کی تعداد 3 سے بڑھ کر 6 ہو گئی ہے۔ واضح رہے کہ اسرائیلی وزیرِ اعظم بنیامین نیتن یاہو نے بھی تصدیق کی ہے کہ ایران کے خلاف کارروائی امریکہ کے تعاون سے کی جا رہی ہے۔

## ایران کا آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں پر حملے کا اعلان

### خطے سے تیل کی ترسیل روک دی جائے گی اور آئل پائپ لائنز کو بھی نشانہ بنایا جا سکتا ہے

تہران، 3 مارچ (ایجنسیز) ایران کے پاسدارانِ انقلاب (آئی آر جی سی) کے ایک سینئر مشیر نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کو بند کر دیا گیا ہے اور وہاں سے گزرنے کی کوشش کرنے والے ہر جہاز کو نشانہ بنایا جائے گا۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق ایرانی کمانڈر انچیف کے مشیر ابراہیم جباری نے کہا ہے کہ اگر کوئی جہاز آبنائے ہرمز سے گزرنے کی کوشش کرے گا تو ایرانی بحریہ اور پاسدارانِ انقلاب اسے تباہ کر دیں گے۔ ایران نے یہ سخت مؤقف اسرائیل اور امریکہ کی جانب سے حالیہ فضائی حملوں کے بعد اختیار کیا ہے جن میں ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای اور دیگر اعلیٰ حکام کی شہادت واقع ہوئی ہے۔ ایسی صورتِ حال میں تہران نے خبردار کیا ہے کہ خطے سے تیل کی ترسیل روک دی جائے گی اور آئل پائپ لائنز کو بھی نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔



## امریکی سینٹ کام کی ایران کے حملوں میں

### 6 امریکی فوجیوں کی ہلاکت کی تصدیق

واشنگٹن، 3 مارچ (یو این آئی) امریکی سینٹ کام نے ایران کے حملوں میں چھ امریکی فوجیوں کی ہلاکت کی تصدیق کر دی اور 2 لاپتہ فوجیوں کی باقیات برآمد کر لی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) نے تصدیق کی ہے کہ ایران کے ابتدائی حملوں میں اب تک 6 امریکی فوجی ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ حال ہی میں دو لاپتا فوجیوں کی باقیات بھی برآمد کر لی گئی ہیں، جو انہی حملوں میں مارے گئے تھے۔ سینٹ کام کے بیان میں کہا گیا ہے کہ ایران کے خلاف بڑے پیمانے پر جوابی کارروائیاں جاری ہیں، ان کارروائیوں کا مقصد خطے میں امریکی مفادات کا تحفظ اور ایرانی عسکری صلاحیت کو محدود کرنا ہے۔ دوسری جانب امریکی سینٹرل کمانڈ نے خلیج عمان میں تمام ایرانی بحری جہازوں کو تباہ کرنے کا دعویٰ بھی کیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ دو دن قبل اس علاقے میں 11 ایرانی جہاز موجود تھے، تاہم اب ایک بھی جہاز باقی نہیں رہا۔ سینٹ کام نے مزید دعویٰ کیا کہ ایران کی جانب سے خلیجی راستوں میں جہازوں کو ہراساں کرنے کا دور ختم ہو چکا ہے۔

## ایران کا سعودی عرب میں تیل تنصیبات پر حملے سے اظہارِ لاتعلقی

### سعودی تیل تنصیبات ہمارا ہدف نہیں ہیں

تہران، 3 مارچ (ایجنسیز) ایران نے سعودی عرب میں تیل تنصیبات پر حملے سے اظہار لاتعلقی کرتے ہوئے کہا تیل تنصیبات پر حملے کا ایران ذمہ دار نہیں، ہم سعودی بھائیوں سے رابطے میں ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایران نے سعودی عرب میں تیل کی تنصیبات پر حملے میں ملوث ہونے کی تردید کرتے ہوئے خود کو اس واقعے سے الگ قرار دے دیا ہے۔ ایرانی نائب وزیر خارجہ مجید تخت روانچی نے امریکی ٹی وی چینل سی این این کو انٹرویو دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ایران ان حملوں میں کسی بھی طرح ملوث نہیں، ایران نے سعودی عرب میں تیل کی تنصیبات پر کوئی حملہ نہیں کیا۔ مجید تخت روانچی کا کہنا تھا کہ ایران نے سعودی عرب کو واضح طور پر مطلع کر دیا ہے کہ وہ ان حملوں کا ذمہ دار نہیں ہے، سعودی تیل تنصیبات ہمارا ہدف نہیں ہیں، ہم اپنے سعودی بھائیوں کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ "دوسری جانب ایرانی ملٹری ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ سعودی آرامکو پر حملہ دراصل اسرائیل کا فالس فلیگ" آپریشن ہو سکتا ہے، اسرائیل اپنی کارروائیوں سے توجہ ہٹانے اور خطے میں مزید کشیدگی پیدا کرنے کے لیے ایسے اقدامات کر رہا ہے۔ ایرانی ملٹری ذرائع کا کہنا تھا کہ اسرائیل نے علاقائی ممالک کی توجہ ہٹانے کے لیے فالس فلیگ آپریشن کیا، اسرائیل ایران کے شہری مقامات پر حملوں سے توجہ ہٹانا چاہتا ہے۔ ملٹری ذرائع کے مطابق آرامکو کی تنصیبات پر ایران نے حملہ نہیں کیا، آرامکو پر فالس فلیگ حملہ اسرائیل کی عسکری حکمت عملی کا حصہ ہے۔

## ریاض میں سفارتخانے پر حملہ اور امریکی فوجیوں کی ہلاکت

### ڈونلڈ ٹرمپ کا بدلہ لینے کا اعلان

واشنگٹن، 3 مارچ (یو این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے ریاض میں امریکی سفارتخانے پر حملے اور امریکی فوجیوں کی ہلاکت کا بدلہ لینے کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ریاض میں امریکی سفارتخانے پر حملے اور امریکی فوجیوں کی ہلاکت کے بعد امریکی صدر ٹرمپ نے سخت ردعمل کا اظہار کرنے کا عندیہ دے دیا۔ ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ ریاض میں امریکی سفارتخانے پر حملے اور امریکی فوجیوں کی ہلاکت کا بدلہ جلد لیا جائے گا۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق نیوز نیشن چینل کی صحافی کیلی مائر نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بتایا کہ ٹرمپ نے واضح کیا ہے کہ امریکی فوجیوں کی ہلاکت اور سفارت خانے پر حملے کے ردعمل کے بارے میں جلد اعلان کیا جائے گا۔ امریکی صدر کا مزید کہنا تھا



کہ اس کارروائی کے لیے زمینی افواج بھیجنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی، تاہم دیگر ممکنہ آپشنز پر غور کیا جا رہا ہے۔ خیال رہے سفارتخانے پر حملے اور امریکی اہلکاروں کی ہلاکت کے بعد خطے میں کشیدگی میں نمایاں اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔

Printer,PublisherandChiefEditor:GhulamJeelaniQadri,Printedat:AafaqPrintersNowhattaSrinagar,Publishedfrom11,PratabParkPressEnclaveLalchowkSrinagar190001
R.N.INo.43732/85,P.No.K/77,Phone:0194-2452028,Fax:0194-2475279.Email:afaaqkashmir@yahoo.com